# THE
# SENATE OF PAKISTAN
# DEBATES

## *OFFICIAL REPORT*

Thursday, the December 12, 2024
(344th Session)
Volume X, No. 02
(Nos. 01-05)

*Printed and Published by the Senate Secretariat, Islamabad*

| | |
|---|---|
| Volume X | SP.X (02)/2024 |
| No. 02 | 15 |

## Contents


1. Recitation from the Holy Quran ............ 1
2. Leave of Absence ............ 4
3. Presentation of Report of Standing Committee on Interior on The Pakistan Penal Code (Amendment) Bill, 2024 ............ 5
4. Presentation of Report Standing Committee on Petroleum regarding inordinate delay in execution of the Pertaining to Provision of Gas Supply to Tehsil Gulistan, Qilla Abdullah Balochistan ............ 5
5. Presentation of Report Standing Committee on Railways regarding discontinuation of railway line in districts Umerkot Tharparkar and the Mirpurkhas ............ 6
6. Presentation of Report of Standing Committee on Power regarding inclusions of IPPs fee in the electricity bills by PESCO in Khyber Pakhtunkhwa ............ 6
7. Presentation of Report of Standing Committee on Power regarding Installation of additional transformer of 100KV in village Garh Bala ...... 7
8. Presentation of Report of Standing Committee on Petroleum regarding proposed Privatization of Pakistan Minerals Development Corporation 7
9. Presentation of Report of Standing Committee on Overseas Pakistanis and Human Resource Development regarding the treatment being meted out to the Zaireen travelling to Iraq and Iran ............ 7
10. Motion of Thanks for expressing deep gratitude to the President of Pakistan for his address to both the Houses of Parliament ............ 9
11. Further Discussion on the recent protest by Pakistan Tehreek-e-Insaf in Islamabad ............ 10
    - Senator Jan Muhammad ............ 11
    - Senator Irfan-ul-Haque Siddiqui ............ 14
12. Motion under Rule 263 for dispensation of Rules ............ 16
13. Resolution moved by Senator Sherry Rehman regarding the Issue of Israel Bombing extending to many countries, in total disregard of sovereign borders ............ 17
14. Further discussion on the recent protest by Pakistan Tehreek-i-Insaf in Islamabad ............ 19
    - Senator Syed Ali Zafar ............ 19
    - Senator Sherry Rehman ............ 28
    - Senator Aimal Wali Khan ............ 36
    - Senator Muhammad Tallal Badar ............ 44
    - Senator Mohsin Aziz ............ 46
    - Senator Dr. Afnan Ullah Khan ............ 53

# SENATE OF PAKISTAN
# SENATE DEBATES

Thursday, the December 12, 2024.

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad at four minutes past four in the evening with Mr. Chairman (Syed Yousaf Raza Gilani) in the Chair.

----------------

## Recitation from the Holy Quran

اَعُوْذُبِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِنْ جَآءَكُمْ فَاسِقٌۢ بِنَبَاٍ فَتَبَيَّنُوْۤا اَنْ تُصِيْبُوْا قَوْمًۢا بِجَهَالَةٍ فَتُصْبِحُوْا
عَلٰى مَا فَعَلْتُمْ نٰدِمِيْنَ ۝٦ وَ اعْلَمُوْۤا اَنَّ فِيْكُمْ رَسُوْلَ اللّٰهِ ؕ لَوْ يُطِيْعُكُمْ فِيْ كَثِيْرٍ مِّنَ الْاَمْرِ
لَعَنِتُّمْ وَ لٰكِنَّ اللّٰهَ حَبَّبَ اِلَيْكُمُ الْاِيْمَانَ وَ زَيَّنَهٗ فِيْ قُلُوْبِكُمْ وَ كَرَّهَ اِلَيْكُمُ الْكُفْرَ وَ
الْفُسُوْقَ وَ الْعِصْيَانَ ؕ اُولٰٓىِٕكَ هُمُ الرّٰشِدُوْنَ ۝٧ فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ وَ نِعْمَةً ؕ وَ اللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ۝٨

ترجمہ: اے ایمان والو! اگر کوئی فاسق تمہارے پاس کوئی خبر لے کر آئے، تو اچھی طرح تحقیق کر لیا کرو، کہیں ایسا نہ ہو کہ تم نادانی سے کچھ لوگوں کو نقصان پہنچا بیٹھو، اور پھر اپنے کیے پر پچھتاؤ۔ اور یہ بات اچھی طرح سمجھ لو کہ تمہارے درمیان اللہ کے رسول ﷺ موجود ہیں۔ بہت سی باتیں ہیں جن میں وہ اگر تمہاری بات مان لیں تو خود تم مشکل میں پڑ جاؤ۔ لیکن اللہ نے تمہارے دل میں ایمان کی محبت ڈال دی ہے، اور اسے تمہارے دلوں میں پرکشش بنا دیا ہے، اور تمہارے اندر کفر کی اور گناہوں اور نافرمانی کی نفرت بٹھا دی ہے۔ ایسے ہی لوگ ہیں جو ٹھیک راستے پر آ چکے ہیں۔ جو اللہ کی طرف سے فضل اور نعمت کا نتیجہ ہے، اور اللہ علم کا بھی مالک ہے، حکمت کا بھی مالک۔

(سورۃ الحجرٰت آیات نمبر ٦ تا ٨)

جناب چیئرمین: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جزاک اللہ۔

Question Hour. Senator Kamran Murtaza *Sahib*.

سینیٹر کامران مرتضیٰ: جناب چیئرمین! میرا پہلا نہیں دوسرا سوال تھا۔ میرے خیال میں اس میں متعلقہ وزیر لغاری صاحب ہیں۔ حکومت بیٹھی ہی نہیں ہے، کوئی اور دوست اگر جواب دینا چاہے۔۔۔

Mr. Chairman: Is this pertaining to Religious Affairs?

سینیٹر کامران مرتضیٰ: جناب میرا سوال Power Ministry سے متعلق ہے۔

جناب چیئرمین: نہیں میرا خیال ہے کہ Religious Affairs سے متعلق ہے۔

سینیٹر کامران مرتضیٰ: اچھا آپ نے پھر پہلے کوئی اور سوال نمبر لے لیا ہے جو کہ صفحہ نمبر 37 پر ہے۔

جناب چیئرمین: ایک سیکنڈ آپ تشریف رکھیں میں آپ کو بتاتا ہوں۔

Minister for Power Division is little late, as he is engaged in meeting with Prime Minister. It is requested, that the sequence of questions and answers of the Power Division may be taken in the last. Now all questions pertain to Power Division and the only question was of Religious Affairs. When the other Ministers are not present, I will advise them to be present, if they are busy some other Minister can represent. So, they are all equally responsible.

اس لیے میرا خیال ہے کہ question hour کے ایک question سے Minister related نہیں ہے۔ سارے questions ان سے ہی related ہیں Minister for Power, and he is busy with the Prime Minister. He has requested کہ اس کو last پر لے لیں مگر last پر تو کوئی ہے ہی نہیں۔

سینیٹر کامران مرتضیٰ: National Assemblyمیں بھی کچھ اسی طرح ہوا ہے وہاں پر بھی اللہ کے فضل سے منسٹرز نہیں تھے اور PPP نے بھی اس پر میرا خیال ہے کہ ناپسندیدگی کا اظہار کیا ہے۔ ویسے تو یہ سارا کچھ سب کو ناپسندیدہ ہوتا ہے۔

Mr. Chairman: To answer is the collective responsibility of the Cabinet. It is not confined to one Minister; if that Minister is busy then some other Minister should come and answer and it should be taken like this. Sherry you want to, sorry Sherry Rehman.

سینیٹر شیری رحمان: جناب چیئرمین! شکریہ۔ سینیٹر کامران ابھی تک کچھ کہہ رہے ہیں۔ جناب چیئرمین! میری گزارش تھی جو آپ خود کہہ رہے تھے کل National Assemblyمیں بھی ایسے ہوا ہے اور اگر ایک یا دو منسٹرز آ بھی جاتے ہیں تو وہ بانٹ لیتے جیسے آپ کہہ رہے ہیں اجتماعی ذمہ داری کے حوالے سے اور آپ تو میرا خیال ہے ان کو خاص تنبیہ کریں کیونکہ آپ کی حکومت میں تو ہم ساری Cabinet کو ہلکان کرتے تھے۔ دونوں Housesایک ساتھ چل رہے ہوتے تھے آپ کہتے تھے کہ relevant Minister بھی حاضر ہونا چاہیے تو اب situationآپ کے سامنے ہے understand اکہ کسی کی مجبوری ہوتی ہے، کوئی منسٹر بلایا جا چکا آپ کو بھی معلوم ہے ہمیں بھی معلوم ہے۔

Mr. Chairman: Even the Parliamentary leader from the ruling Party is not here.

Senator Sherry Rehman: How can we do business like this?

Mr. Chairman: I just gave the directions that it is the collective responsibility of the Cabinet and if the Minister concerned is not present then any other Minister can appear on his behalf.

سینیٹر شیری رحمان: جناب چیئرمین! House adjourn کر دیں۔ یہ message جائے کہ اس طرح کام نہیں ہوتا یا ہم لوگ reports present کرالیں۔

Mr. Chairman: We can wait.

سینیٹر شیری رحمان: جناب چیئرمین! آپ کی مرضی ہے۔

Mr. Chairman: We can wait for a few minutes.

سینیٹر کامران مرتضیٰ: بہترین طریقہ ہے کہ کم از کم ان دو منسٹرز کو تو suspend کر دیں جن سے متعلق سوال ہے اور وہ نہیں آئے۔ جب وہ suspend ہو جائیں گے تو پھر اس طرح سے کوئی نہیں کرے گا۔

جناب چیئرمین: اس طرح سے سوال تو ختم ہو جائیں گے۔ اس کے لیے شیری رحمان صاحبہ I think آپ بیٹھیں، leave of absence لے لیتے ہیں۔

Mr. Chairman: When I used to be the Prime Minister, I used to be present during the question hour.

اگر کوئی وزیر جواب نہیں دیتا تھا تو میں دیتا تھا تو اس لیے

they are responsible. They should be present.[1]

## Leave of Absence

Mr. Chairman: Senator Saifullah Abro has requested for the grant of leave for the whole 343rd Session, due to personal engagements. Is the leave granted?

(*Leave was granted*)

Mr. Chairman: Senator Syed Ali Zafar has requested for the grant of leave for 29th October, 2024 and 1st and 4th November, 2024 during the 343rd Session, due to personal engagements. Is the leave granted?

(*Leave was granted*)

Mr. Chairman: Senator Rana Mahmood-ul-Hassan has requested for the grant of leave for 27th October, 2024 and 24th November, 2024 during the 343rd Session, due to visit abroad. Is the leave granted?

(*Leave was granted*)

---

[1] *[At this stage, all the questions and their printed replies were taken as read].*

Mr. Chairman: Senator Poonjo has requested for the grant of leave for 1st November, 2024 during the 343rd Session, due to personal engagements. Is the leave granted?

(*Leave was granted*)

Mr. Chairman: Senator Faisal Saleem Rehman, Chairman Standing Committee on Interior, please move Order No.3.

**Presentation of Report of Standing Committee on Interior on The Pakistan Penal Code (Amendment) Bill, 2024**

Senator Faisal Saleem Rehman: I, Chairman, Standing Committee on Interior, present report of the Committee on a Bill further to amend the Pakistan Penal Code, 1860 [The Pakistan Penal Code (Amendment) Bill, 2024], (Amendment of Section 377 of PPC), introduced by Senator Samina Mumtaz Zehri on 10th June, 2024.

Mr. Chairman: The report stands laid. Senator Umer Farooq, Chairman, Standing Committee on Petroleum, please move Order No.4.

**Presentation of Report of Standing Committee on Petroleum regarding inordinate delay in execution of the Project Pertaining to Provision of Gas Supply to Tehsil Gulistan, Qilla Abdullah Balochistan**

Senator Umer Farooq: I, Chairman, Standing Committee on Petroleum, present report of the Committee on the subject matter of a Calling Attention Notice raised by Senator Abdul Shakoor Khan regarding inordinate delay in execution of the project pertaining to provision of gas supply to Tehsil Gulistan, Qilla Abdullah, Balochistan despite its inauguration in 2014.

Mr. Chairman: The report stands laid. Senator Jam Saifullah Khan, Chairman, Standing Committee on Railways, Senator Dost Ali Jeesar please move Order no.5. on his behalf.

**Presentation of Report of Standing Committee on Railways regarding discontinuation of railway line in districts Umerkot Tharparkar and Mirpurkhas**

Sentor Dost Ali Jeesar: I, on behalf of Chairman, Standing Committee on Railways, present report of the Committee on the subject matter of a Motion under Rule 218 moved by Senator Poonjo regarding discontinuation of the Railways Line, known as Loop section, formerly operated through the districts of Umerkot, Tharparkar and the Mirpurkhas Stations.

Mr. Chairman: The report stands laid. Senator Mohsin Aziz, Chairman, Standing Committee on Power, please move Order. No. 6.

**Presentation of Report of Standing Committee on Power regarding inclusions of IPPs fee in the electricity bills by PESCO in Khyber Pakhtunkhwa**

Senator Mohsin Aziz: I, Chairman, Standing Committee on Power, present report of the Committee on a Point of Public Importance raised by Senator Aimal Wali Khan, regarding the inclusion of IPPs fee in the electricity bills by PESCO in Khyber Pakhtunkhwa whereas not a single unit of electricity is being produced by IPPs in the Province of Khyber Pakhtunkhwa.

Mr. Chairman: The report stands laid. Senator Mohsin Aziz, Chairman, Standing Committee on Power, please move Order No.7.

**<u>Presentation of Report of Standing Committee on Power regarding Installation of additional transformer of 100KV in village Garh Bala</u>**

Senator Mohsin Aziz: I, Chairman, Standing Committee on Power, present report of the Committee on false / incorrect reply submitted by PESCO in response to Starred Question No. 22 asked by Senator Kamran Murtaza about installation of additional transformer of 100 KV in village Garh Bala.

Mr. Chairman: The report stands laid. Senator Umer Farooq, Chairman, Standing Committee on Petroleum, please move Order No.8.

**<u>Presentation of Report of Standing Committee on Petroleum regarding proposed Privatization of Pakistan Minerals Development Corporation</u>**

Senator Umer Farooq: I, Chairman, Standing Committee on Petroleum, present report of the Committee on a Point of Public importance raised by Senator Manzoor Ahmed regarding proposed Privatization of Pakistan Minerals Development Corporation (PMDC).

Mr. Chairman: The report stands laid. Senator Zeeshan Khan Zada, Chairman, Standing Committee on Overseas Pakistanis and Human Resource Development, please move Order No.9.

**<u>Presentation of Report of Standing Committee on Overseas Pakistanis and Human Resource Development regarding the treatment being meted out to the Zaireen travelling to Iraq and Iran</u>**

Senator Zeeshan Khan Zada: I, Chairman, Standing Committee on Overseas Pakistanis and Human Resource

Development, present report of the Committee on a Point of Public importance raised by Senator Raja Nasir Abbas regarding the treatment being meted out to the Zaireen traveling to Iraq and Iran.

Mr. Chairman: The report stands laid.

Mr. Chairman: I have to take the sense of the House. Mr. Irfan Siddiqui you are the leader of the Parliamentary Party of PML (N). Now there are calling attentions and there are no Ministers. What should we do?

سینیٹر عرفان الحق صدیقی: جناب چیئرمین! یہ واقعی ہی افسوس ناک بات ہے کیونکہ نا تو question hour ہو سکا ہے کیونکہ Ministers یہاں پر موجود نہیں ہیں اور calling attention کا بھی ظاہر سی بات ہے کہ ہم میں سے کسی کو اس کا جواب دینے کی authority نہیں ہے۔

Since no Minister is here, nobody can response, nobody can answer, nobody can satisfy the honourable Senators. It is up to you to take any decision.

Mr. Chairman: Minister for Religious Affairs has arrived. There is a Calling Attention Notice Order No.10.

Calling attention کے لیے کون ہوگا؟ Calling attention کے لیے بھی کوئی نہیں ہے۔

There is another Calling Attention Notice.

(مداخلت)

جناب چیئرمین: منسٹر صاحب آ گئے ہیں۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: جو ان کا سوال ہے وہ میں لے رہا ہوں۔ وہ میں لے رہا ہوں مگر calling attention میں آپ کی طرف سے mover نہیں ہے۔

There is another Calling Attention Notice at Order No.11 in the name of Senator Kamran Murtaza. He may please raise the matter.

آپ کے منسٹر کون سے ہیں؟ وزیر مواصلات نہیں ہیں۔ I give you the information. آپ تشریف رکھیں۔ ابھی تارڑ صاحب کا message آگیا ہے۔ He is coming in less than five minutes. ٹھیک ہے۔ Please take your seat. دیکھیں، منسٹرز کی collective responsibility ہوتی ہے۔

Sherry Rehman sahiba, I would request you to move the vote of thanks. There is always an item of the President's speech so that it should not come every day on the agenda.

**<u>Motion of Thanks for expressing deep gratitude to the President of Pakistan for his address to both the Houses of Parliament</u>**

Senator Sherry Rehman: Mr. Chairman, thank you very much. With reference to further discussion on the motion moved by Senator Azam Nazeer Tarar, Minister for Parliamentary Affairs, on 26th April, 2024, I hereby move that:

> "This House expresses its deep gratitude to the President of Pakistan for his address to both the Houses assembled together on 18th April, 2024."

جناب! اس motion of thanks پر نو مہینے discussion ہوئی ہے۔ ہم سب نے اس پر تقاریر کی ہیں۔ دونوں اطراف سے دونوں Houses میں تقاریر ہوئیں۔ میں سینیٹ کی ہی بات کر سکتی ہوں۔ لہٰذا ہماری آپ سے گزارش ہے کہ چونکہ یہ talk out ہو چکا ہے، اس لیے ہم اسے اب conclude کر لیں۔

Mr. Chairman: I now put this motion before the House.

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: In the meanwhile, if you have the list of Members who want to speak on the previous subject, I can give them time. Dost Muhammad Khan sahib.

## **Further Discussion on the recent protest by Pakistan Tehreek-e-Insaf in Islamabad**

### **Senator Dost Muhammad Khan**

سینیٹر دوست محمد خان: جناب چیئرمین! آپ کا بہت شکریہ۔ جناب! میں زیادہ لمبی تقریر تو نہیں کروں گا لیکن پچھلے دو مہینے جو ہمارے اوپر گزرے، یہ قیامت کی گھڑیوں میں سے ایک گھڑی تھی۔ ہم نے اسلام آباد میں اپنے گھر خالی کیے ہیں۔ آپ کا بھی بہت بہت شکریہ کہ آپ نے مجھے ٹیلی فون کیا اور میری خیریت دریافت کی۔ اس کے لیے میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ ہمارے گھروں پر صبح و شام 'ویگو ڈالے' آتے تھے جن کے ذریعے ہمارے رشتہ داروں پر pressure ڈالا جاتا تھا، وہ ایک الگ کہانی ہے۔

جناب! میں ڈنکے کی چوٹ پر کہنا چاہتا ہوں کہ ہم عمران خان کو کبھی بھی دھوکا نہیں دیں گے کیونکہ سینیٹر بنتے وقت میرا صرف بیس ہزار روپے خرچہ ہوا اور وہ بھی میں نے الیکشن کمیشن کو دیا۔ میں کیسے اس آدمی کے ساتھ غداری کر سکتا ہوں جس نے مجھے اتنی زیادہ عزت دی۔ میں آپ سے یہ request کرنا چاہتا ہوں کہ نہ ہم دہشت گرد ہیں اور نہ ہم غدار ہیں۔ ہم اس ملک کے وفادار ہیں۔ جو قربانیاں ہمارے آباؤاجداد نے دی ہیں، میرے خیال میں پاکستان میں کسی نے اتنی قربانیاں نہیں دیں۔ میں آپ سے یہ اپیل کرنا چاہتا ہوں کہ خدا کے واسطے، ہمارے گھروں پر چھاپے مارنے سے پہلے آپ سے permission لے لیا کریں۔ ہمیں summon serve کریں، یہ نہ کریں کہ گھر پر یکدم حملہ کر دیں۔ اگر خواتین کے ساتھ کچھ ہوا تو پھر یا تو ہم مر جائیں گے یا وہ مریں گے۔ اس لیے میں آپ سے کہنا چاہتا ہوں کہ پلیز آپ order issue کر دیں کہ سینیٹرز کے گھروں پر چھاپے مارنے سے پہلے آپ سے permission لیا کریں۔

جناب! اگلی بات یہ ہے، یہاں ایمل ولی خان نہیں ہے لیکن اس کے دادا ولی خان بابا نے سن 75 میں ایک تقریر کی تھی۔ انہوں نے کہا تھا کہ بھٹو صاحب! مجھے مقدمے میں پھنسانے کے لیے آپ جو قانون لا رہے ہیں، میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ یہ قانون آپ پر apply ہوگا۔ آپ اپنے پاؤں پر لاڑکانہ نہیں جا سکیں گے بلکہ آپ کی لاش جائے گی۔ جناب یہ چھبیسویں ترمیم اور 26 نومبر کو جو واقعہ ہوا ہے، ان کو ہم تاریخ میں کبھی بھی نہیں بھول سکتے۔ اگر کوئی یہ سمجھتا ہے کہ یہ بھول جائیں گے تو ایسا نہیں ہوگا۔ ہم کبھی بھی یہ نہیں بھول سکیں گے کیونکہ اس رات گولیاں برسائی گئی ہیں۔ لوگ کہتے ہیں کہ 12 لوگ شہید ہوئے۔ میں کہتا ہوں کہ 12 شہید نہیں ہوئے، ان کے اپنے اینکرز ٹی۔وی پر بتاتے ہیں کہ 278 لوگ شہید ہوئے ہیں اور تقریباً 350 لوگ زخمی ہوئے۔ ہسپتالوں میں جگہ نہیں تھی اور نہ دوائی دستیاب تھی۔

جناب! بات یہ ہے کہ جو چھبیسویں ترمیم ان لوگوں نے pass کی ہے، عدلیہ کی قبر کھودی گئی ہے اور اسے اس قبر میں ڈال دیا گیا ہے۔ مجھے چرچل کے وہ مشہور تاریخی الفاظ یاد ہیں کہ جب دوسری جنگ عظیم ہو رہی تھی تو چرچل نے اپنے وزیر انصاف سے پوچھا کہ کیا میرے ججز ملک میں لوگوں کو انصاف دے رہے ہیں۔ اس نے کہا کہ دے رہے ہیں۔ اس نے کہا کہ جرمنی کا باپ بھی ہمیں شکست نہیں دے سکتا۔ جناب! ہم بالکل اندھیروں میں ہیں۔ ہمیں حکومت کا کچھ پتا نہیں چل رہا۔ میں چار martial laws دیکھ چکا ہوں لیکن اس سے زیادہ سخت وقت ہم نے نہ کبھی دیکھا ہے اور نہ اللہ ہمیں پھر دکھائے۔ بہت شکریہ۔

جناب چیئرمین: سینیٹر جان محمد صاحب۔

**Senator Jan Muhammad**

سینیٹر جان محمد: چیئرمین صاحب! آپ کا شکریہ۔ میں سمجھتا ہوں کہ کل سے پاکستان میں جو نئی صورت حال develop ہوئی ہے، اس حوالے سے گفتگو ہو رہی ہے۔ میں یہ بتاتا چلوں کہ ہم اس ذمہ دار ہاؤس میں بیٹھے ہیں اور ذمہ دار لوگ ہیں۔ پوری پاکستانی قوم کی امیدیں ہم سے وابستہ ہیں کہ یہ جو دو بڑے ایوان ہیں، سینیٹ اور قومی اسمبلی، یہ پاکستان میں رونما ہونے والے تمام بڑے سیاسی معاملات پر قدرت رکھتے ہیں، ان کے پاس صلاحیت ہے اور یہ رونما ہونے والے تمام معاملات کو حل کر سکتے ہیں۔

اس وقت پاکستان کی لیڈرشپ انتہائی باشعور ہے۔ اس میں ہمارے صدر زرداری صاحب ہیں، نواز شریف صاحب ہیں، پرائم منسٹر ہیں، اس کے علاوہ بلوچستان سے منتخب جمعیت علمائے اسلام کے مولانا فضل الرحمان ہیں، خان محمود خان ہیں، یہ اتنی بڑی لیڈرشپ اس وقت ان ہاؤسز میں موجود ہے۔ اتنی بڑی لیڈرشپ کی موجودگی میں پاکستان میں جو اس طرح کے واقعات ہوتے ہیں، واقعتاً وہ بڑے افسوسناک ہوتے ہیں۔ ہمیں دیکھنا چاہیے کہ اتنی بڑی سیاسی قیادت کے ہوتے ہوئے، ان تمام اداروں کے ہوتے ہوئے، ہم کیا کرنے جارہے ہیں۔ آپ دیکھیں جس دن PTI نے مارچ کا اعلان کیا، ان کی طرف سے بھی غلطیاں ہیں، ان کا بھی میں ذکر کروں گا لیکن پہلے میں حکومت کی طرف آتا ہوں۔ آپ سوچیں کہ آپ نے وہ تمام بڑی شاہراہیں جو اسلام آباد تک آتی ہیں، وہ ساری آپ نے بند کردیں۔

آپ نے سڑکیں بند کردیں اور اعلان کردیا کہ repair ہورہی ہے، تمام موٹرویز کی repair ہورہی ہے۔ یہ کتنی افسوس ناک بات ہے، کس قدر افسوس ناک بات ہے۔ دوسری طرف، مجھے افسوس ہوتا ہے کہ ایک شخص جو وزیر اعلیٰ کے منصب پر بیٹھے ہوئے ہیں، وہ اپنے منصب کا بھی خیال نہیں رکھتے، صوبے کی پوری قیادت، پولیس اور سب کو لے کر وہ اسلام آباد کی طرف مارچ کررہاہے۔ اس کو بھی سمجھناچاہیے کہ بھائی آپ ایک ریاست میں ہو۔ ریاست میں حکومت کرنے کے طریقہ کار ہوتے ہیں۔ احتجاج کرنا ہے، پارٹی کرے، پارٹی کا صدر کرے، پارٹی کا چیئرمین کرے، پارٹی کے سینیٹرز کریں، پارٹی کے کارکن کریں، وہ نکلیں۔ یہ کوئی طریقہ کار ہوتاہے، ہمیں اس طریقہ کار کو اپنانے کی ضرورت ہے۔

حکومت نے جو کیاوہ بھی غلط کیا۔ میں سمجھتاہوں کہ ان کی طرف سے ہوا، وہ بھی کوئی اچھا response نہیں ہے، کوئی اچھا طریقہ کار نہیں ہے۔ ہم ایک جمہوری سماج میں رہتے ہیں۔ ہمیں اس پر آگے بڑھنے کی ضرورت ہے۔ یہاں پر کل جو باتیں ہوئیں، اسحاق ڈار صاحب نے بڑی اچھی بات کی کہ میں مفاہمت کا حامی ہوں۔ اس وقت ضرورت بھی اس بات کی ہے۔ پاکستان کے صدر اپنے آپ کو مفاہمت کا بادشاہ سمجھتے ہیں اور کہتے بھی ہیں اور واقعی کرتے ہیں۔ ان کے ہوتے ہوئے، اس پوری قیادت کے ہوتے ہوئے ان معاملات کو ہم کیوں ایک حل کی طرف نہیں لے کر جارہے؟ ہم مفاہمت کی بات کرتے ہیں تو مفاہمت عملی طور پر کریں اور دکھائیں کہ سیاسی

dialogue کیسے کیا جاتا ہے اور سیاسی معاملات کو کس طرح سیاسی طور پر settle کیا جاتا ہے۔ وقت کی ضرورت ہے کہ مذاکرات کریں۔ ہاں، یہ مشکل ضرور ہے، پیپلز پارٹی براہ راست حکومت کا حصہ نہیں ہے لیکن مسلم لیگ (ن) کی قیادت اور حکومت کو جس سے بھی مشورہ کرنا ہے بالکل کریں۔ براہ راست Establishment سے مشورہ کریں اور مذاکرات کو آگے بڑھائیں۔

جناب! میں اسے تھوڑا آگے لے جاتا ہوں، یہ صورت حال ہے کہ مفاہمتی پالیسی بالکل چھوڑ دی گئی ہے۔ آپ نے دیکھا کہ کچھ دن پہلے بلوچستان میں اجلاس ہوا، وزیر اعلیٰ نے اعلان کیا کہ ہم بلوچستان میں آپریشن کرنے جا رہے ہیں۔ جناب! یہ آپریشن، سیاسی قوتوں کو دبانا، بات نہیں سننا، طاقت کے زور پر بات کرنا، یہ وقت گزر گیا ہے۔ اس ملک کو بچانا ہے، اس ملک کو ترقی دینی ہے اور اس ملک کو آگے بڑھانا ہے تو اسی قیادت نے بڑھانی ہوگی۔ اس قیادت کو قومی مفاہمتی پالیسی اپنانی ہوگی۔ آپ بلوچستان میں کتنے سالوں سے آپریشن کر رہے ہو، اس کا کیا نتیجہ ہے؟ کچھ نتیجہ نہیں نکلا۔ ڈنڈے کے زور پر آپ کچھ نہیں کر پاتے ہو۔ ڈنڈے کے زور پر کچھ نہیں ہو سکتا۔ آپ وقتی طور پر سمجھتے ہو کہ ان کو آپ نے زبردستی دھکا دیا، آپ ان کو جیلوں میں بند کیا، torture کیا، یہ کرتے رہتے ہیں لیکن اس سے مسائل حل نہیں ہوتے۔ اس سے ممالک نہیں چلتے، اس سے انصاف نہیں ہوتا بلکہ اس سے نفرتیں بڑھتی جاتی ہیں۔

ہمیں چاہیے کہ ہم ایک قومی مفاہمتی پالیسی اپنائیں۔ سیاسی پارٹیوں کے ساتھ مذاکرات کریں، ان سے بات کریں، سیاسی settlement کریں۔ کسی چیز کا بھی فوجی طاقت حل نہیں ہے۔ اگر ہم سمجھتے ہیں کہ ہم طاقت کے زور پر بلوچستان میں امن قائم کریں گے تو وہ بھی جھوٹ ہے۔ طاقت کے زور پر پی ٹی آئی کو ختم کریں گے، یہ بھی سچ نہیں ہے۔ اگر ہم چاہتے ہیں کہ اس ملک میں سیاسی نظام اسی طرح چلے، بہتر انداز میں چلے تو ہمیں compromise کرنا پڑے گا۔ ہمیں ایک دوسرے کے ساتھ مل بیٹھ کر راستہ نکالنا پڑے گا۔ یہ راستے سیاسی لوگ نکالتے ہیں۔ میں نہیں سمجھتا کہ ہمارے سیاسی لوگوں کو کیا ہو گیا ہے۔ ان کو بات کرنی چاہیے، ان کو طاقتور اداروں کے ساتھ بیٹھ کر بات کرنی چاہیے کہ ان معاملات کا سیاسی حل نکالیں۔ خاص طور پر بلوچستان میں یہ جو طاقت کی، آپریشن کی پالیسی اپنائی گئی ہے، ہم اس کی مذمت کرتے ہیں۔ بلوچستان کو پاکستان سے دور کرنے کی ایک سازش ہے۔ اس سے بلوچستان اور پاکستان کے درمیان جو خلیج ہے، اس میں اضافہ ہوگا۔

جب سے آپ نے مارنے اور پھینکنے کی پالیسی اپنائی ہے، بلوچستان میں امن وامان کا مسئلہ زیادہ بگڑ گیا ہے۔ صورت حال زیادہ خراب ہوئی ہے۔ ہمیں ان کو سمجھنا چاہیے اور ان کو سمجھ کر ایک مفاہمتی پالیسی اپنانی چاہیے اور تمام سیاسی قوتوں کے ساتھ بیٹھ کر ایک حل نکالنا چاہیے۔ آپ کا شکریہ۔

جناب چیئرمین: جی سینیٹر عرفان الحق صدیقی صاحب۔

**Senator Irfan-ul-Haque Siddiqui**

سینیٹر عرفان الحق صدیقی: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ بہت شکریہ، جناب چیئرمین! آپ نے شاید اپنے کمرے میں کل بھی proceedings دیکھی ہوں گی۔ میں سب سے پہلے قائد حزب اختلاف، اپوزیشن اور اپوزیشن کے دوسرے ساتھیوں کو خراج تحسین پیش کرنا چاہتا ہوں کہ انہوں نے کل بڑے اچھے، عمدہ طریقے سے اپنا نقطہ نظر پیش کیا، اپنا مؤقف پیش کیا۔ اس کے ساتھ ساتھ حکومتی بنچز نے بڑے تحمل سے بات سنی۔ جب اِدھر سے بات ہوئی تو اُدھر سے بھی اسی تحمل، بردباری اور patience کا مظاہرہ کیا گیا۔ یہ اس ایوان کے لیے ایک بہت اچھا اشارہ ہے کہ بات کہی بھی جائے اور بات سنی بھی جائے۔ ایک دوسرے کی بات کے احترام میں اگر ہم اپنے نقطہ نظر میں بھی تھوڑی سی تبدیلی کر لیں اور یہ سوچیں کہ شاید اس کی بہت سی باتیں درست نہ ہوں لیکن کوئی بات تو شاید اس کی درست ہو۔ اگر اس spirit کے ساتھ بات سنی جائے اور بات کہی جائے تو میرا خیال ہے کہ بہت سے مسائل حل ہو سکتے ہیں۔

ابھی بلوچستان سے میرے بہت سینئر دوست نے کہا کہ مفاہمت، خیر سگالی، افہام و تفہیم اور آپس کی بات چیت، یہی ایک طریقہ ہے اور میرا خیال یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے انسان کو جو فضیلت دی ہے وہ یہی ہے کہ وہ اپنی زبان سے بات کہہ بھی سکتا ہے اور پھر کانوں سے دوسرے کی بات سن بھی سکتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے جب یہ حکم دیا کہ انسان کو سجدہ کرو تو ایک عظیم فرشتے نے کہا کہ میں سجدہ نہیں کرتا، یہ تو مٹی سے بنا ہوا ہے اور میں آگ سے یا نور سے بنا ہوا ہوں۔ پھر اللہ تعالیٰ نے جو فضیلت بیان کی، وہ یہی ہے کہ میں نے اس کو علم سکھایا۔ تو علم واحد برتری ہے۔ سوچ، دانش، حکمت، یہ واحد برتری ہے جو انسان کو پوری مخلوقات کے اوپر دی گئی ہے۔ یہ افہام و تفہیم، کتنا ہی طاقتور جانور کیوں نہ ہو، اس کے اندر نہیں پائی جاتی، اس کی اپنی language ہے، اس کی اپنی خود سری ہے، اس نے خود شکار کرنا ہے، کھانا ہے اور سو جانا ہے۔

ہماری ایک تاریخ ہے۔ جناب چیئرمین! اس تاریخ میں بڑے نشیب وفراز آئے۔ میرا خیال ہے کہ ان سے ہم نے بہت کچھ سیکھنے کی کوشش نہیں کی ہے۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ حالیہ موضوع پر کل میرے فاضل دوست، معزز قائد حزب اختلاف نے بات کی ہے۔ یہ ایک اہم موضوع ہے۔ جو لوگ وہاں سے آئے وہ بھی پاکستانی ہیں، ان کے اندر اگر باہر سے کچھ لوگ آئے ہیں، ان کی نشان دہی بھی ہو گئی ہے۔ قانون کو اپنا راستہ اختیار کرنے دینا چاہیے اور قانون اپنا راستہ اختیار کرے گا لیکن چند ایک چیزیں ہیں جو میں بھاری دل کے ساتھ کہہ رہا ہوں اور ماحول کو خراب کرنے کے لیے نہیں کہہ رہا ہوں۔ میں محسوس کرتا ہوں کہ اگر ایک پرامن اجتماع جس کو نام دیا جاتا ہے کہ ایک پرامن اجتماع کا حق ہے، استحقاق ہے۔ بالکل یہ استحقاق ہے لیکن دنیا کے 195 ممالک میں سے کسی ایک ملک کا نام دے دیں جہاں یہ استحقاق غیر مشروط ہے۔

جہاں اس کے ساتھ کوئی شرط نہیں لگی ہوئی، جہاں یہ لامحدود ہے یعنی آزادی اظہار کا یا آزادانہ اجتماع کا حق اگر غیر مشروط ہے، کوئی اس کے ساتھ شرط نہیں ہے، کوئی اس کے ساتھ حد نہیں ہے تو دنیا کا کوئی ایک ملک تو ایسا ہوگا نا، کوئی ملک نہیں ہے۔ اقوام متحدہ کے جو protocols ہیں اس کے بارے میں وہ دیکھ لیجیے۔ اب یہ جو احتجاج ہوا ہے پرامن احتجاج، اب آپ مجھے بتائیے جناب چیئرمین کہ پرامن احتجاج کوئی الجہاد، الجہاد کے نعروں سے شروع ہوتا ہے، کوئی پرامن احتجاج مارو یا مر جاؤ کے نعروں سے شروع ہوتا ہے، کوئی پرامن احتجاج ایسا ہوتا ہے جس میں پانی پت کی جنگ کے حوالے دیے جائیں، کوئی پرامن احتجاج ایسا ہوتا ہے کہ جس میں آپ Brazilian tear gas کے shell بھر کے چلیں، ہتھیار بھر کے چلیں، کیلوں والے ڈنڈے بھر کے چلیں، یہ نہیں ہوتا۔ پھر یہ ہے کہ ملک کا ایک قانون ہے، قانون یہ ہے کہ آپ اگر احتجاج کرنا چاہتے ہیں تو کسی اتھارٹی کو ایک درخواست دیں گے کہ جناب ہم یہ احتجاج کرنا چاہتے ہیں، کوئی ایسی درخواست نہیں دی گئی۔ پھر ماضی میں بھی ایسا ہوا درخواست دی گئی انتظامیہ نے مسترد کر دی، یہ عدالت میں چلے گئے، عدالت نے رعایت دے دی جگہ مقرر کر دی۔ نہ یہ عدالت کا process ہوا اس دفعہ نہ ہی کوئی اجازت مانگی گئی، پھر اسلام آباد ہائی کورٹ نے ایک آرڈر جاری کیا اس کی بھی جو کیفیت ہوئی وہ آپ کے علم میں ہے۔ تو میرے کہنے کا مطلب یہ ہے کہ ہم ملکی قانون اور ضابطوں کے مطابق چلیں گے تو پھر معاملات ٹھیک رہیں گے۔

اب اگر انڈیا کی 29 یا 30 ریاستوں میں سے آپ تصور کریں کہ کسی ایک ریاست کا جو آئینی یا اپنا انتظامی سربراہ ہے وہ لشکر لے کے نئی دہلی کی طرف چڑھے گا تو کیا ہوگا، اس کا نتیجہ کیا نکلے گا، وفاقی حکومت کیا کرے گی۔ دنیا میں تصور کر لیں امریکہ کی کوئی ریاست یہ کام کرے اور چڑھ دوڑے DC پر وہ کیا کریں گے، تو اس لیے ہمیں ان چیزوں کو ترک کرنا ہوگا۔ اگر ہم negotiation کی طرف آتے ہیں، اگر ہم مذاکرات کی طرف آتے ہیں، اگر ہم یہ کہتے ہیں کہ ہمیں بات چیت سے مسائل حل کرنے چاہیں، اگر ہم یہ کہتے ہیں کہ چور اب چور نہیں ہے، ڈاکو اب ڈاکو نہیں ہیں ہم چوروں سے بھی ہاتھ ملائیں گے اور ڈاکو سے بھی ملائیں گے۔ سو بسم اللہ ہم نے کبھی دروازے بند نہیں کیے ہم آج بھی چاہتے ہیں کہ بات چیت ہو، کھلے دل سے ہو اور سیاسی فکر کے ساتھ ہو۔ آج بھی آپ نے کہا ہے کہ فلاں تاریخ تک بات کرو ورنہ ہم سول نافرمانی شروع کریں گے۔ ایسے نہیں ہوتا نا، تلوار مت لٹکائیں ہمارے سروں کے اوپر آپ اگر بات چیت کرنا چاہتے ہیں سو بسم اللہ بات چیت کریں ہم تیار ہیں۔

میرا گلا چونکہ خشک ہے، میں بیماری کی وجہ سے بات نہیں کر سکتا لیکن ہم بات چیت کے لیے تیار ہیں۔ ہم ہر گز نہیں چاہتے ہیں کہ فساد ہو، پاکستان کو آگے بڑھنا چاہیے اور آگے بڑھنے کے لیے ضروری ہے کہ ہم پرانی جو روایات ہیں اور پرانا جو فلسفہ سیاست ہے اور پرانا جو مسئلہ ہے اور پرانے جو طور طریقے ہیں ان کو ترک کر دیا جائے بہت شکریہ۔

Mr. Chairman: Now I give the floor to the honourable Parliamentary Leader of PPP, I want that you should move the motion which is unanimous. Sherry Rehman Sahiba.

**Motion under Rule 263 for dispensation of Rules**

Senator Sherry Rehman: Thank you Mr. Chairman. I move under Rule 263 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, that the requirement of Rules 26, 29, 30 and 133 of the said Rules be dispensed with in order to enable the House to move and pass the resolution condemning the bombing by Israel, extending to many countries.

Mr. Chairman: I put the motion before the House.

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: The Motion is adopted. Now you can move the resolution.

Senator Sherry Rehman: Sir may I read it.

Mr. Chairman: Yes, please.

سینیٹر شیری رحمان: سب سے پہلے میں سب کا شکریہ ادا کرنا چاہتی ہوں سارے Parliamentary Leaders and Leader of Opposition کا بھی کہ انہوں نے بغیر پوچھے اس پر۔

جناب چیئرمین: Leader of Opposition سن نہیں رہے ہیں۔

سینیٹر شیری رحمان: جی سن رہے ہیں۔ انہوں نے یہ کہا کہ آپ کی language اس سے بہتر ہوتی ہے، خوبصورت ہوتی ہے۔ میں ان کا criticism بالکل accept کرتی ہوں لیکن یہ تھوڑی سی مشترکہ سی language ہے تو خوبصورتی کی عدم موجودگی کی معافی چاہتی ہوں۔ So may I just read it out? سارے members نے، Parliamentary Leaders نے sign کیا ہے۔ So I thank the House.

## **Resolution moved by Senator Sherry Rehman regarding the Issue of Israel Bombing extending to many countries, in total disregard of sovereign borders**

Senator Sherry Rehman: The Senate of Pakistan, observing the grave and continuing violations of international law by Israel, expresses its profound concern over the systemic exercise of impunity by Israel in its actions against Palestine.

The Senate notes with alarm the exploitation of the political vacuum caused by regime collapse in Syria, which Israel is using to advance its unilateral agenda. This agenda now extends beyond Palestine to violations of the sovereignty of Syria and many other countries. The Senate calls for immediate accountability for these

actions, which many in the international community have condemned as war crimes.

The Senate strongly condemns the killing of United Nations Relief and Works Agency (UNRWA) team members since October 7, 2023. As of the end of November 2024, 249 UNRWA staff members have lost their lives as a result of Israeli actions. Such attacks are a blatant violation of United Nations General Assembly Resolution 302, which mandates UNRWA's role in providing critical humanitarian assistance to vulnerable populations.

The Senate further condemns Israel's recent legislative measures aimed at undermining the mandate of UNRWA, which provides essential humanitarian aid in the West Bank, Gaza, Jordan, and Syria. This move will severely impact access to health, education, and vital services for Palestinian refugees and threatens the right of return for Palestinian refugees, as enshrined in international law.

The Senate also notes the humanitarian toll of Israeli military actions. Since the start of the current onslaught, 44,612 Palestinians have been martyred and 105,834 injured, including women and children. The Senate condemns the targeted killing of over 180 journalists during Israel bombing in Gaza, and the deliberate destruction of critical infrastructural, including hospitals, school and residential areas.

The Senate reaffirms Pakistan's unwavering support for the Palestinian cause, recognizing it as a moral, political, and legal obligation. Pakistan reiterates its consistent support for the two-state solution of the Palestinian

issue, as enshrined in relevant Security Council and General Assembly resolutions. We reaffirm our solidarity with the people of Palestine and call for the establishment of a viable, independent, and contiguous State of Palestine based on internationally agreed parameters of the pre-1967 borders, with Al-Quds Al-Sharif as its capital.

The Senate finally calls on the international community to take decisive action to protect Palestinian lives, hold Israel accountable for war crimes and ensure compliance with international humanitarian law. An end to the culture of impunity is essential for achieving peace, justice, and the protection of human rights in Palestine occupied territories and the Middle East. Thank you.

Mr. Chairman: Now I put the resolution before the House.

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: The resolution is passed unanimously. I give the floor to Parliamentary Leader Senator Syed Ali Zafar.

## Further discussion on the recent protest by Pakistan Tehreek-i-Insaf in Islamabad

### Senator Syed Ali Zafar

سینیٹر سید علی ظفر: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ شکریہ جناب چیئرمین آج اس عمارت میں جب میں داخل ہونے لگا تو چیخ چیخ کے یہ عمارت مجھے کہہ رہی تھی کہ آپ کدھر جارہے ہیں۔ اس ملک میں جمہوریت ختم ہو چکی ہے اور ایک ظالمانہ نظام قائم ہوا ہے جس میں وہ پاکستانی جو کہ اپنے احتجاج کے حق میں باہر نکل کے سڑکوں پر آنا چاہتے ہیں۔ اپنا بنیادی حق استعمال کرنا چاہتے ہیں، ان پر اندھادھند فائرنگ کرکے شہید کیا جارہا ہے۔

جناب چیئرمین ! ایک لمحے کے لیے میرے قدم رک گئے، میں نے سوچا عمارت تو ٹھیک کہہ رہی ہے اس عمارت نے بڑے بڑے سیاستدان دیکھے ہیں جنہوں نے اپنی زندگی میں کبھی ایسا نہیں ہونے دیا، کیا میں اس عمارت میں جاؤں یا نہ جاؤں؟ پھر میں نے سوچا ہر ایک پر ایک فرض ہے کہ وہ ظلم کے خلاف آواز اٹھائے اور یہی اللہ تعالیٰ کا حکم بھی ہے۔ میں نے پھر آگے قدم بڑھائے تو عمارت نے کہا کہ اب آپ جا ہی رہے ہیں تو ان سے ضرور پوچھنا جو یہ ریاست چلا رہے ہیں۔

Mr. Chairman: Please Order in the House.

سینیٹر سید علی ظفر: ان سے ضرور پوچھنا جو یہ ریاست چلا رہے ہیں کہ گولی کیوں چلائی؟ آج میں یہ پوچھنے آیا ہوں کہ یہ گولی کیوں چلائی؟ بات ہو رہی ہے، کل میں نے Leader of the House کی بھی بات سنی، TV programmes پر کچھ وزراء کی بھی باتیں سنیں اور حکومتی پارٹی کے لیڈرز کی بھی باتیں سنی، ان میں سے کوئی کہہ رہا ہے کہ کوئی بھی شہید نہیں ہوا، کوئی کہتا ہے کہ زخمی بھی نہیں ہوئے، کوئی کہتا ہے چار زخمی ہوئے تیرہ نہیں ہوئے، کوئی کہتا ہے تیرہ شہادتیں نہیں ہوئیں دو ہوئیں ہیں اور کوئی کہتا ہے پانچ ہزار گرفتار ہوئے ہیں تو کوئی کہتا ہے چھ ہزار گرفتار ہوئے ہیں۔

جناب چیئرمین ! بات یہ نہیں ہے۔ بات یہ ہے کہ اگر پاکستان کا ایک شخص بھی اپنا بنیادی حق استعمال کرتے ہوئے، احتجاج کرتے وقت شہید ہو، ایک شخص بھی زخمی ہو اور ایک شخص بھی گرفتار ہو تو اس سے بڑا ظلم کوئی ریاست نہیں کر سکتی۔ بات quantity کی نہیں ہے، even one man who is injured is a crime that they are responsible for.

جناب چیئرمین ! آپ کو ایک بات بتاؤں۔ عوام کی عدالت میں یہ احتساب تو ہوگا، یہ احتساب ہوگا کہ کس نے گولی چلائی، کس نے زخمی کیا، کس نے احتجاج کے حق کو ختم کیا اور یہ آج نہیں تو کل ضرور ہوگا لیکن انہیں لوگوں نے جو عوام کی عدالت ہے۔ جب میں آ رہا تھا تو مجھ سے پوچھا اور کہا کہ جو ریاست چلا رہے ہیں، آپ ان کی ضرور مذمت کریں اور آپ سینیٹ میں جا کر ضرور بولیں۔ میں نے اپنے دوستوں کی جو سینیٹ میں ہیں اُن کی وکالت کی اور میں نے ان لوگوں کو کہا کہ نہیں ان کی مذمت کرنے کا کیا فائدہ؟ ان کے پاس تو اختیار ہی نہیں، ان کو تو پتا ہی نہیں کہ 24,25,26 کو کیا ہوا؟ ان سے مذمت کرکے میں نے کیا کرنا ہے تو لوگوں نے کہا ہم یہ نہیں مانتے کیوں کہ وہ حکومت

میں ہیں اور اگر حکومت کے ہوتے ہوئے اس طرح کوئی بھی شہید ہوتا ہے تو اس کے ذمہ دار وہ ہیں لیکن چلیں آپ ان کی وکالت کر رہے ہیں تو کم از کم جا کر ان کی تو مذمت کریں جنہوں نے گولی چلائی۔ میں نے کہا ان کی مذمت کرنے کا مجھے کیا فائدہ؟ پھر میں نے لوگوں کے سامنے ان کی وکالت کی۔ میں نے کہا ایک انسانی فطرت ہے کہ آپ اپنے آپ اقرار جرم نہیں کرتے وہ تو اس کو deny کریں گے، اگر وہ مان جائیں گے تو ان کو سزائیں ہو جائیں گی۔ ان کی مذمت کرنے کا کیا فائدہ پھر لوگوں نے کہا ہم آپ کی یہ بات بھی نہیں مانتے لیکن چلیں اگر آپ سینیٹ میں جا کر ان کی مذمت نہیں کریں گے تو کم از کم ان کی مذمت تو کریں جو 24,25,26 incident کو ہوا اس کو deny کر رہے ہیں۔ ان کی مذمت تو کریں جو کہ مختلف figures دے رہے ہیں اور کہہ رہے ہیں کہ جناب کوئی شہید نہیں ہوا، کوئی زخمی نہیں ہوا۔ ان کی مذمت تو کریں جو یہ کہہ رہے ہیں کہ جناب آپ نے خود گولی اپنے اوپر چلائی۔ ان کی مذمت تو کریں جو کہہ رہے ہیں ہم نے تو ہوائی فائر کیا ہم نے اور کچھ بھی نہیں کیا۔ جب لوگوں نے یہ کہا تو میں نے یہ فیصلہ کیا کہ اب میں آپ کی وکالت نہیں کر سکتا۔ ان کا یہ کہنا کہ کچھ بھی نہیں ہوا، ان کا 24,25,26 کو defend کرنا، میں اس کی وکالت نہیں کر سکتا۔ میں اس کی سخت مذمت کرتا ہوں جو بھی اس دن کو defend کر رہا ہے۔

جناب چیئرمین! ایک بات بڑی clear ہے وہ یہ ہے کہ جو لوگ شہید ہوئے اور جو لوگ زخمی ہوئے، ان کی شہادت اور انہوں نے جو قربانیاں دیں وہ ضائع نہیں ہونی چاہیں، نہ ہوں گی اور نہ ہم کرنے دیں گے۔ آج بھی موقع ہے کہ دوسری طرف، Leader of the House, Parliamentary Leader, مختلف پارٹیوں کے جو لیڈر ہیں، سینیٹرز اور ایم این اے ہیں، جہاں پر بھی ہیں ابھی بھی مذمت کریں اور ہم سے agree کریں اور ہماری بات مان لیں، ہم نے ان کو ایک راستہ دکھایا ہے، وہ راستہ truth and reconciliation کا ہے، وہ راستہ یہ ہے کہ آپ کہتے ہیں کہ کچھ بھی نہیں ہوا۔ ہم کہتے ہیں کہ بہت کچھ ہوا، ایک کمیشن بنا دیں، ایک truth finding Commission بنادیں، آزاد کمیشن بنادیں، وہ بتادیں گے کہ کیا ہوا اور کس نے گولی چلائی اور کس نے گولی نہیں چلائی۔ اگر ہم غلط ہیں تو ہم apologize کریں گے لیکن اگر ہم صحیح ہیں تو پھر آپ apologize کریں گے۔ آپ کمیشن بنانے کے لیے کہتے ہیں کل Leader of the House نے کہا کہ آپ ہمیں ثبوت دے دیں ہم خود ہی فیصلہ کر لیں گے۔ اگر آپ کو ثبوت دینے

کی بات ہے تو آپ کو کمیشن بنانے میں کیا مسئلہ ہے؟ آپ کمیشن کیوں نہیں بناتے؟ اگر آپ جو کہہ رہے ہیں اتنا ہی سچ ہے تو کمیشن بنائیں ہم بھی اس کو دیکھیں گے۔ ہم کمیشن کو اپنے سارے شواہد دے دیں گے۔

جناب چیئرمین! یہ ایک عجیب و غریب بات کرتے ہیں۔ یہ کہتے ہیں کہ PTI کو ہم احتجاج نہیں کرنے دیں گے اور کہتے ہیں کہ ہم نے گولی اس وجہ سے چلائی کہ PTI والے terrorists ہیں، PTI کے سارے supporters دہشت گرد ہیں اور وہ ملک کے خلاف ہیں۔ وہ کہتے ہیں جو عمران خان صاحب کی اہلیہ تھیں ان کے پاس بھی بندوقیں تھیں، خیبر پختونخوا کے وزیر اعلیٰ آئے تو ان کے پاس بھی کلاشنکوف تھی۔ اس جلسے میں جو عورتیں تھیں ان کے ہاتھوں میں گرنیڈ تھے اور جو بوڑھے اور بچے تھے وہ اسلام آباد میں خودکش حملہ کرنے آرہے تھے۔

جناب والا! پورا پاکستان اور پوری دنیا ان کے موقف پر یقین نہیں کر رہی۔ They don't believe it because it's a lie. لوگ پرامن طریقے سے آئے تھے، اپنا احتجاج record کرنے آئے تھے اور احتجاج record کرکے انہوں نے واپس چلے جانا تھا لیکن آپ نے ان پر اندھا دھند فائرنگ کرکے شہید کیا۔ یہ کہاں کا انصاف ہے، یہ کہاں کی ریاست ہے اور یہ کہاں کا آئین ہے؟

جناب چیئرمین! ہم نے دیکھا کہ حقیقت کیا ہے، حقیقت یہ ہے کہ لوگ باہر کیوں آئے؟ لوگ اپنی آزادی کے لیے باہر آئے اور آزادی کسی سے مانگی نہیں جاتی، every person is born free آزادی جب کوئی ظالم چھینیں تو پھر قوم کا فرض ہے کہ وہ باہر نکل کر اپنی آزادی واپس لیں۔ ہم کوئی آزادی مانگنے نہیں آئے تھے، ہم اپنی آزادی کا حق جتانے آئے تھے لیکن بدقسمتی سے ان کو یہ سمجھ نہیں آئی۔

ان کی تاریخ میں examples دیکھیں۔ محترمہ بے نظیر بھٹو شہید نے جب ضیاء الحق کا زمانہ تھا اور protests روکے جاتے تھے تو انہوں نے کیا کہا تھا۔ انہوں نے کہا تھا کہ right to protest is a fundamental right of every person. انہوں نے کہا تھا کہ یہ فرض ہے کہ ہر کوئی protest کرے اور اس کے لیے جنگ لڑے۔ Fight for your freedom.

جناب! جب PML(N) کے Chief Minister leader تھے اور Chief justice of Pakistan کو مشرف کے زمانے میں ہٹا دیا گیا تھا، تب بھی ان کی party کا یہ نعرہ تھا کہ fight for your freedom اور باہر نکلو، یہ آپ کا right ہے۔ قائداعظم محمد علی جناح جب انگریزوں کے خلاف جدو جہد کر رہے تھے تو ان کا بھی یہ نقطہ نظر تھا کہ یہ آپ کا بنیادی حق ہے کہ آپ احتجاج کریں۔ یہ آپ کا بنیادی حق ہے، آپ کا فرض ہے اور آپ کی ذمہ داری ہے کہ آپ باہر نکلیں and fight for your freedom. تو اگر PTI وہی کر رہی تھی جو ہر سیاسی جماعت کو کرنا چاہیے کہ fight for your freedom تو پھر اس میں ہم terrorist کس طرح بن گئے۔

آپ یہاں بیٹھے ہیں، آپ کہتے ہیں ہم قوم کی عکاسی کر رہے ہیں۔ ہم قوم کے representatives ہیں۔ اگر قوم کے representatives ہیں تو پھر قوم کو کیوں مار رہے ہیں؟ قوم کو کیوں قتل کر رہے ہیں؟ قوم کو کیوں زخمی کر رہے ہیں؟ کوئی شرم، کوئی حیا، کوئی انصاف کے تقاضے، کوئی آئین کے تقاضے تو پورے کرنے چاہیں۔ یہاں آپ کہتے ہیں کہ ہم لوگوں کے representatives ہیں۔ ہم آئینی حکومت ہیں۔ جناب چیئرمین! اوپر media بیٹھا ہے۔ کیا اس وقت یہ media اس so called آئینی حکومت میں آزاد ہے؟ ان کو صرف selective خبریں publish کرنے کی اجازت ہے لیکن جو بھی خبر select نہ ہو، approve نہ ہو، وہ کوئی بھی channel نہیں چلا سکتا۔

یہ کہتے ہیں کہ ہم آئینی حکومت ہیں۔ آئین کی شقیں selectively, اپنی مرضی سے، جو ان کی من پسند شق ہے، وہ تو apply ہو جاتی ہے۔ جو شق من پسند نہیں ہے، وہ apply نہیں ہوتی۔ چھبیسویں ترمیم کے بعد عدالتیں ختم کر دی گئی ہیں لیکن ان کا جو فیصلہ حق میں ہوتا ہے وہ مانا جاتا ہے اور جو فیصلہ حق میں نہیں ہوتا اس کو implement ہی نہیں کیا جاتا۔ یہ ایوان، یہ پارلیمان، this has become a tool to legitimize the illegitimate. اس کو اسی حکومت کے ذریعے استعمال کیا جارہا ہے۔ ہم کس طرح چپ رہ سکتے ہیں جب یہ ساری ناانصافیاں دیکھتے ہیں۔ We have the right to protest and we

اور یہ ہم سے کوئی نہیں will continue to exercise this right to protest چھین سکتا۔

Maybe آج ان کے پاس اختیار ہے، طاقت ہے، ہمیں روک لیتے ہیں، crush کر لیتے ہیں، مار دیتے ہیں، شہید کر دیتے ہیں، زخمی کرتے ہیں، توڑ پھوڑ کرتے ہیں، آج ہمارے گھروں میں جا کر ہمیں لوٹتے ہیں۔ There is no privacy, there is no protection. کوئی قانون نہیں ہے، rule of law نہیں ہے لیکن کل ہم یہ حاصل کر کے دکھائیں گے اور آپ جو حرکتیں آج کر رہے ہیں

they will come and haunt you in the future. Mark my words, they will come and haunt you.

جناب! اس تمام کے باوجود مجھے personally اور میں عمران خان صاحب کو بھی اڈیالہ میں مل کر آرہا ہوں اور انہوں نے بھی یہ پیغام دیا ہے کہ اُن کو اس خوبصورت قوم سے، پاکستانیوں سے، as Pakistanis, as a nation بہت امیدیں ہیں۔

This is a great nation; this is a resilient nation. It is a nation that has withstood all tides, all vicissitudes. It is a nation that will rise, that is bound to rise.

آج انہوں نے یہ پیغام دیا ہے کہ یہ ملک ایک ایسا ملک ہے اور یہ قوم ایک ایسی قوم ہے جس سے آپ طاقت کے ذریعے ان کے حقوق نہیں لے سکتے۔ یہ ایک زندہ قوم ہے، اس نے بڑے Martial laws دیکھے ہیں۔ بہت سارے لوگ آئے، ان کو ہٹا دیا۔ بہت ساری مصیبتیں آئیں، ان کو بھی ختم کر دیا اور یہ قوم زندہ رہی۔ تو یہ قوم ان شاء اللہ زندہ رہے گی۔ آپ نے جتنا ظلم کرنا ہے، کر لیں۔ ہم قوم کے ساتھ کھڑے ہیں اور ہمیں یقین یہ ہے کہ جو ہمارا خواب ہے وہ پاکستان کا خواب ہے۔ اس لیے اس کو شکست نہیں ہو سکتی۔ آپ 23rd کر لیں، آپ 24th کر لیں۔۔۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: جب آپ کی باری آئے گی تو آپ بات کریں۔ Please order in the House.

سینیٹر سید علی ظفر: جناب چیئرمین! ان کا یہ الزام ہے جیسے کہ Leader of the House نے کل کہا کہ جس طرح لندن میں Hyde park میں لوگ جاتے ہیں، ویسے آپ لوگ سنگجانی کیوں نہیں چلے جاتے۔ وہاں ہم آپ کو پوری اجازت دیں گے کہ آپ نے جتنے جلسے کرنے ہیں، وہ کر لیں۔ آپ D-Chowk کیوں آرہے ہیں۔ تو ان کو میرا جواب بڑا simple ہے، میں لندن میں پڑھا بھی ہوں اور مجھے امریکہ جانے کا بھی کئی بار اتفاق ہوا ہے اور وہاں کے لوگوں سے ملا بھی ہوں۔ وہاں ہر دوسرے دن واشنگٹن کے White House کے سامنے لوگ احتجاج کرتے ہیں۔ جو UK Prime Minister کا گھر جہاں 10 Downing Street ہے، اور office ہے، اس کے سامنے بھی لوگ آکر احتجاج کرتے ہیں۔ وہاں تو کوئی شہید نہیں ہوتا۔ وہاں پر کسی پر بھی گولیاں نہیں برسائی جاتیں۔ تو اگر یہی example لینی ہے تو ہم بھی اسی لیے D-Chowk تک آنا چاہتے ہیں کیونکہ اس کی ایک symbolic importance ہے۔ اس کا کوئی یہ مطلب نہیں ہے کہ ہم نے وہاں جا کر کوئی حملہ کرنا ہے یا کوئی توڑ پھوڑ کرنی ہے۔ یہ ایک symbol ہوتا ہے۔ ہم symbolically لوگوں کو لے کر جا رہے ہیں۔

(اس موقع پر ایوان میں نماز مغرب سنائی دی گئی)

جناب چیئرمین: سینیٹر علی ظفر صاحب، before اس کے کہ مولانا عطاء الرحمٰن صاحب کہیں کہ ہم نے نماز پڑھنی ہے، تو ہم ایک break لے لیتے ہیں۔

(اس موقع پر ایوان میں نماز مغرب کے لیے پندرہ منٹ کا وقفہ کیا گیا)

[اجلاس کی کارروائی وقفہ نماز مغرب کے بعد زیر صدارت جناب پریذائیڈنگ آفیسر (سینیٹر عرفان الحق صدیقی صاحب) دوبارہ شروع ہوئی]

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: السلام علیکم۔ سینیٹر سید علی ظفر صاحب! ایک چھوٹی سی request ہے کہ ہم نے کل جو rules of game طے کئے تھے، ان میں پارٹی کے پارلیمانی لیڈر کے لیے 10 minutes رکھے گئے تھے۔ میرا خیال ہے کہ میں صرف 7 minutes ہی بولا ہوں۔ آپ کوشش کریں اور اس کو wind up کریں کیونکہ you have already spoken more than 16 and 17 minutes تو آپ اس کو wind up کر لیں۔ آپ کا شکریہ۔

سینیٹر سید علی ظفر: جناب! ان شاء اللہ، میں wind up کرتا ہوں، do not worry. جناب پریذائیڈنگ آفیسر صاحب! میں بات کر رہا تھا، ہم جو احتجاج کر رہے تھے، وہ ایک پرامن احتجاج تھا اور وہ ہمارا حق تھا۔ ہماری دوسری side پر بیٹھے ہوئے بہت سارے لوگ، میں کسی کا نام نہیں لوں گا لیکن بہت سے لوگوں نے privately آ کر بھی کہا ہے کہ یہ بڑی زیادتی ہوئی ہے تو اچھے لوگ دونوں sides پر ہیں۔ ہم صرف یہ کہہ رہے ہیں، اگر آپ سچ بول رہے ہیں تو آپ اپنے سچ پر قائم رہیں۔ ہم اگر سچ بول رہے ہیں تو ہم بھی اپنے سچ پر قائم ہیں لیکن اس کا کسی independent commission نے فیصلہ کرنا ہے کہ یہ جو ہوا، اس کا کون ذمہ دار ہے۔ کیا ہم terrorists تھے، کیا ہم aggressors تھے، یا ہم اپنا حق استعمال کر رہے تھے اور حکومت یا ریاست سے کوئی firing ہوئی ہے۔

جناب! کمیشن کا مطالبہ میری نظر میں، اور میں نے ہی یہ suggest کیا تھا کہ ایک via media ہے اور ایک راستہ ہے۔ جب ملک میں اس طرح کی دشواریاں آتی ہیں تو ایک راستہ نکالا جاتا ہے۔ جناب! آپ دیکھیں کہ میں آپ کو بہت clarity سے بتاتا ہوں کہ کوئی بھی قوم economically ترقی نہیں کر سکتی جب تک اس میں ایک سیاسی stability نہ ہو کیونکہ جب سیاسی stability نہیں ہو گی۔ آپ نہ economic reforms کر سکیں گے اور نہ آپ کے پاس investor آئے گا، ہمارا بھی یہ خیال ہے۔ ہم پر الزام لگایا جاتا ہے کہ آپ protest کرتے ہیں تو اس سے economic stability ختم ہوتی ہے۔ ہم کہتے ہیں، ٹھیک ہے، آپ لوگوں کو آزاد کر دیں۔ Rule of law قائم ہونے دیں تو protest کی ضرورت ہی نہیں پڑے گی۔

جناب! آپ لوگوں کی آزادی سے کیوں ڈر رہے ہیں۔ میں آپ کو بتاتا ہوں، اس لیے ڈر رہے ہیں کیونکہ ان کو پتا ہے کہ جب لوگ آزاد ہوں گے تو ان کو accept نہیں کریں گے۔ یہ چاہتے ہیں کہ ظلم، زبردستی، اختیار اور طاقت کا استعمال کر کے ان لوگوں کو آزاد نہ رہنے دیں۔ Issue یہ ہے اور یہ ایک logical issue ہے، میں آپ کو جو بیان کر رہا ہوں، اس میں کوئی جذبات نہیں ہیں۔ یہ کہتے ہیں کہ آپ پرامن نہیں ہیں۔ میں آپ کو ذاتی طور پر بتاؤں کہ میرے لیے ایک چھوٹا سا پتھر اٹھانا بھی مشکل ہے اور کسی کی طرف پھینکنا تو بڑی دور کی بات ہے۔ وہ میرے لیے اتنا بھاری ہو گا کہ میں اس کو اٹھا نہیں سکتا۔ اسی طرح اس دن ہزاروں اور لاکھوں لوگ تھے جو کہ اپنی آزادی کے لیے

اسی جوش سے آئے تھے، وہ کسی کو مارنے یا کسی کو نقصان پہنچانے یا توڑ پھوڑ کرنے کے لیے نہیں آئے تھے۔

جناب! اب میں دوسرے issue پر آتا ہوں جو میری نظر میں آخری issue ہے کہ اب ہمیں کیا کرنا چاہیے، آگے کیسے بڑھنا ہے۔ میں personally یقین رکھتا ہوں کہ dialogue, اور گفتگو کا دروازہ کبھی بند نہیں کرنا چاہیے۔ ہم تیار ہیں، ہمارے خلاف جتنے قانونی cases file ہوئے ہوئے ہیں جو عمران خان صاحب کے خلاف بالکل بےبنیاد cases ہیں، ہم ان کے لیے قانونی جنگ لڑنے کو تیار ہیں۔ ہم لوگوں کے بنیادی حقوق کے لیے سیاست کرنے کے لیے تیار ہیں لیکن ہم اس کے ساتھ ساتھ اس کے لیے بھی تیار ہیں کہ آپ گفت و شنید کریں اور discussion کریں۔ اس کے لیے دو چیزیں بہت اہم ہوتی ہیں، نمبر ایک ہے کہ ایک دوسرے پر اعتماد ہو کیونکہ اگر اعتماد نہیں ہوگا تو نہ آپ میری بات سننے کی توفیق کریں گے اور نہ میں آپ کو اجازت دوں گا۔

جناب! اسی طرح confidence building measures ہیں اور وہ حکومت کے طرف سے آتے ہیں، یہ حکومت کا کام ہوتا ہے کہ وہ ایسے measures بنائے جس کی وجہ سے ایک ماحول بنے۔ مجھے ابھی فی الحال نظر نہیں آ رہا کہ نہ تو confidence building measures ہیں بلکہ ہمارے لوگ ہر روز arrest ہو رہے ہیں۔ ابھی یہ نیا واقعہ 26 نومبر کا ہوا ہے، اس کے لیے کمیشن بھی نہیں بن رہا۔ یہ confidence building measures لئے گئے تو بات چیت ہو سکتی ہے اور گفتگو آگے بڑھائی جا سکتی ہے۔ میری نظر میں dialogue answer ہے، میری یہ بڑی اہم بات ہے۔۔۔

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: باقی اتنا وقت لینا چاہیں گے تو پھر زیادہ وقت لگے گا۔

سینیٹر سید علی ظفر: میں ختم کر رہا ہوں، میری جو closing statement ہے۔۔۔

(مداخلت)

Mr. Presiding Officer: No cross talk please.

ماحول بہت اچھا ہے، اس کو اچھا رہنے دیں۔ اب آپ conclude کر لیں۔

سینیٹر سید علی ظفر: میری closing statement یہ ہے کہ جو کچھ ہوا، اس کے لیے کمیشن بنائیں، سچ کو سامنے لے کر آئیں اور اس کے بعد جو کچھ ہوا، اس کی مذمت کریں۔ ہمارے ساتھ کھڑے ہوں، قوم کے ساتھ کھڑے ہوں۔ جہاں تک مذاکرات کا تعلق ہے، ہم نے کمیٹی بنائی ہوئی ہے، آپ اس کمیٹی میں پہلے confidence measures دیں جو ہماری demand ہے، آپ اس کو پورا کریں تو ہم تیار ہیں۔ ہم پر الزام ہے کہ ہم بات نہیں کرتے، ہم نے مذاکراتی کمیٹی بنا کر اس کی تردید کر دی ہے۔ آپ کا بہت بہت شکریہ۔

Mr. Presiding Officer: Thank you Senator Sahib, so kind of you. Senator Sherry Rehman, Parliamentary Leader PPP.

**Senator Sherry Rehman**

سینیٹر شیری رحمان: شکریہ! جناب پریذائیڈنگ آفیسر، چیئرمین صاحب۔ good to see you here پہلے تو میں چاہ رہی ہوں کہ اس پورے issue پر ہم جو discussion کریں وہ معتدل ہو اور ایک دائرہ اخلاق میں رہے۔ ہم ہمیشہ یہی چاہتے رہے ہیں کیونکہ آپ نے میری پارٹی کے لیے بات کی، جمہور کی بھی بات کی تو میں بھی اسی طرح جواب دوں گی اور یہ بھی کہوں گی دیکھئے ہم نے ہمیشہ گفت و شنید خاص طور پر پارلیمانی پارٹیوں کے ساتھ، پیپلز پارٹی نے آپ کو الیکشن کے وقت بھی کہا تھا کہ ہمارے دروازے کھلے ہیں۔ اس وقت آپ نے اس کو مسترد کیا اور ہر طریقے سے بار بار آپ کو حکومت نے کہا، ہم بات کرنے کے لیے تیار ہیں، joint political parties بہت سارے forums تھے جس پر آپ نے آنے سے گریز کیا اور اکثر و بیشتر، میں آپ کی ذاتی بات نہیں کر رہی ہوں، بیرسٹر صاحب! آپ ایک خندہ پیشانی ہمیشہ رکھتے ہیں تو اس میں آپ کی ذات کی بات نہیں ہے، نہ میری ذات کی بات ہو رہی ہے، یہ ہماری پارٹیوں کے conduct کا اخلاقی فرض ہوتا ہے اور ان کا سیاسی اور جمہوری فرض ہوتا ہے، ان کی بات ہو رہی ہے۔

آپ نے شروع میں کہا کہ دیکھئے freedom comes with responsibility ہمیں آزادی چاہیے، بالکل سانس لینے کی، بات کرنے کی، freedom of expression ہر چیز کی آزادی ہونی چاہیے اور آئین بھی ضامن ہے اس بات کا۔ آپ نے کہا کہ آپ لوگ آئین کے بارے میں pick and chose کرتے، اب میں اچھی طرح کل کی طرح ٹکا

کر جواب دے سکتی ہوں کہ آپ نے کس طرح آئین کی دھجیاں بکھیریں۔ آپ کا جب دور تھا ہمارے ساتھ آپ نے کیا کیا، میں آپ کو کھڑے ہو کر اس side پر کہتی تھی، کیونکہ کل دیکھیئے میں وہاں ہوں گی اس میں کوئی شبہ نہیں ہے کہ ہم وہاں نہیں ہوں گے تو اقتدار آنی جانی چیز ہوتی ہے، اس کو ہم خود بھی اکثر و بیشتر کہتے ہیں ہمارے لیے نہیں ہے لیکن یہ اس وقت جو آپ جنگ لڑ رہے ہیں وہ آپ جنگ لڑ رہے ہیں۔

آپ freedom کی بات کرتے ہیں، آپ ایک فرد واحد کو justice system سے نکالنے کی بات کرتے ہیں۔ آپ نے جو آزادی مانگی وہ آزادی پیپلز پارٹی نے کبھی نہیں مانگی۔ ہم نے پاکستان کو جلاؤ گھیراؤ کی آزادی کبھی نہیں مانگی اور نہ اسے کوئی آزادی سمجھا۔ ہم نے پاکستان کو کٹھہرے میں کھڑے کرانا، international لوگوں سے چیٹیں سائن کرانا، Congress سے ہوں یا کہیں اور ہوں وہ کبھی آزادی نہیں سمجھا، نہ ہم نے اس بات کو آزادی سمجھی کہ ہمارے بانی لیڈر شہید ذوالفقار علی بھٹو تختہ دار پر چڑھے، انہوں نے compromise نہیں کی، کوئی بات چیت نہیں کی اور ان کی جماعت نے زیادہ سے زیادہ کیا کیا، اُن کو instructions تھیں کہ اپنے آپ کو جلالو لیکن ملک کو نہ جلاؤ۔ جناب! آزادی اس کو کہتے ہیں، جو علم اٹھاتے ہیں آزادی کا اس کے لیے قیمت ادا کرتے ہیں۔ پیپلز پارٹی نے بہت قیمت ادا کی ہے، مجھے افسوس ہے کہ مجھے بار بار اسے دہرانا پڑ رہا ہے۔ جب زرداری صاحب کو arrest کرنے آتے ہیں تو وہ چائے پلاتے ہیں، ڈنڈے نہیں برساتے کسی پر اور آپ ہی کی حکومت میں یہ سب ہوا ہے۔

آپ نے تو کوئی کسر نہیں چھوڑی، وہی کہتے تھے ملک سے باہر جا کر ہم فرج ہٹا لیں گے دواؤں والی، ہم TV ہٹا لیں گے۔ اب آپ کے ماشاءاللہ Cells میں جو ہے وہ ہم نہیں ہٹانا چاہتے، برقرار رہے سب کی عزت اور سب کی آبرو۔ لیکن یہ باتیں آپ جب کر رہے ہیں، دیکھیں freedom comes with responsibility, freedom always comes with responsibility. آپ کو تب freedom ملے گی جب آپ ذمہ داری لیں گے۔ آپ اپنے ملک کے امن و استحکام اور اس کے عوام کی ذمہ داری لیں گے۔ آپ کھڑے ہو کر یہ نہیں کہہ سکتے کہ ہم عوام ہیں اور ہم ہی ہیرو ہیں، آپ زیرو ہیں۔ آپ یہ نہیں کہہ سکتے کہ ہم اس وقت جو چاہ رہے ہیں وہ ایک حق کی جنگ ہے۔ آپ کا حق اور ہمارے حق میں کوئی اتنا فرق نہیں ہے۔

ہم ہر اس مرحلے سے گزر چکے ہیں کہ ہمیں معلوم ہے کہ what goes around comes around اگر ہم آپ کے ساتھ ناانصافی کر رہے ہیں، لازم ہے کہ وہ ہمارے ساتھ ہو گی۔ ہمیں یہ معلوم ہے اور میں نے یہیں اس side پر کھڑے ہو کر آپ کو بار ہا کہا تھا اور بتدریج کہا تھا کہ آپ دیکھئے اتنا ہی ظلم کیجئے جتنا آپ خود سہہ سکیں، اتنا ہی آپ ہمارے ساتھ ملامت کیجئے جتنا آپ سننے کے روادار ہوں لیکن آپ لوگوں نے گالی گلوچ کا راگ بڑھا کر بھڑکایا، اب اس وقت جو آپ ڈنڈے لے کر چلتے ہیں، جو آپ کی strategy ہوتی ہے، میں ان لیڈران کا نام بھی لینا پسند نہیں کرتی جو ابھی بھی کہتے ہیں، جو province جل رہا ہے، جہاں دہشت گردی عروج پر، میں افسوس سے کہوں گی قربانی دے دے کر پھر آ رہی ہے تو ان کی کوئی ذمہ داری نہیں لگتی کہ جب وہاں کا گورنر کہے میں خیبر پختونخوا کہ میں APC کر رہا ہوں تو وہ نہ آئے، ادھر کون سی گفت و شنید ہے جو صرف ایک طرف سے ہوتی ہے۔ ہم تو ہندوستان کے ساتھ بھی ایسی گفت و شنید اور CBM نہیں کرتے، جب کہ ہم سمجھتے ہیں کہ امن اس وقت ناگزیر ہے نہ صرف ملک میں لیکن ملک کے باہر لیکن one sided conditionalities نہیں ہو سکتیں۔ ابھی بھی میرے بھائی میں آپ سے کہوں گی میں آپ کو یہ مشعل راہ ضرور دکھانا چاہتی ہوں۔

ہم نے آپ کے دور میں لانگ مارچ کیا، ایک ڈنڈا اٹھایا پیپلز پارٹی نے ایک گملا بھی ہلایا۔ اس طویل لانگ مارچ میں کراچی سے لے کر اسلام آباد تک through out میں واحد عورت تھی، اوپر چھت پر، جن حالات میں ہم آئے ہیں ہمیں دس دن لگے تھے لیکن اس struggle میں ہم نے بار بار announce کیا چیئرمین بلاول بھٹو نے بار بار خود کھڑے ہو کر مائیک لے کر کہا کہ ساتھ ساتھ اپنی صفوں میں رہیں، ٹریفک تک نہ رکے، خاص طور پر جب ہم پنجاب enter ہوئے کسی کو تکلیف نہ دیں۔ جہاں جہاں ہم جا رہے ہیں کسی کو تکلیف نہ دیں۔ لیکن آپ کا project یہی رہا ہے، چاہے آپ IMF کو خط لکھتے ہیں، آپ کس سوچ میں خط لکھتے ہیں کہ پاکستان کی معیشت کو اس وقت روک دو، ہم نہیں ہیں تو کچھ بھی نہیں ہے۔ آپ کا لیڈر بار بار یہ کہتا ہے کہ میں ہوں تو سب ہیں، تو جیل کو برداشت کیجئے نامیڈم، جیل کو برداشت کرنے کی سکت کریں۔

آپ پیپلز پارٹی کی بات کرتے ہیں، آپ نے شہید بے نظیر بھٹو کی بات کی about the right to protest as a fundamental right باہر نکلو ہمیشہ کہتی تھی، یہ

بھی کہتی تھی ساتھ کہ جب باہر نکلو تو سب کا خیال رکھو، کہیں پیپلز پارٹی نے ڈنڈا اٹھایا تو مجھ سے جوابدہ ہوں گے، کہیں پیپلز پارٹی نے خدانخواستہ pellets برسائے، کہاں سے آپ لوگوں کو مل گئ تھیں، بابا! آپ کو کہاں سے ملی تھیں، وہ tear gas shells, یہ تو Governments issue کرتی ہیں لیکن آپ کسی چیز سے پیچھے نہیں ہٹے، ابھی تک آپ کو بات سمجھ نہیں آئی ہے کہ آپ نے جو 9th May کو کیا وہ کسی پارٹی نے کبھی نہیں کیا ہے، جن چھاؤنیوں پر ہماری شہادتیں اٹھائی گئ ہیں، ہمارے گھروں سے میتیں اٹھائی گئ ہیں، وہاں ہم نے protest نہیں کیا ہے تو آپ چھوڑ دیں میں نے آپ کی بات تمیز سے سنی، تمیز سیکھیے، پارلیمانی آداب سیکھئے۔۔۔

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: آپ ایک سیکنڈ بیٹھیں۔ سینیٹر فلک ناز صاحبہ! آپ remarks مت دیں، ہم نے ماحول کو کل سے بہت اچھا رکھا ہوا ہے۔ آپ سب کی گفتگو سنی گئ ہے، طویل تقریریں سنی گئ ہیں، اس طرح کے remarks مت دیں، نہیں جو وہ کہنا چاہیں گی وہ کہیں گی۔ آپ جو کہنا چاہتی ہیں وہ آپ کہیں گی۔ آپ کو جواب کا حق ہے۔ آپ کے مقررین بولیں گے یہ کام نہ کریں۔ مہربانی، میری request ہے۔

سینیٹر شیری رحمان: شکریہ! دیکھیں جناب چیئرمین! اس وقت ماحول بہتر ہو گیا ہے کیونکہ یہ تیار ہو رہے ہیں۔ یہ بیٹھ گئے ہیں، انہوں نے دیکھا ہے اب یہ اور کسی ناجائز طریقے سے فیض یاب نہیں ہو سکتے بات تو یہی ہے، بات تو سچ ہے مرچیں تو آپ کو لگیں گی۔ ہم نہیں چاہتے کہ کوئی سیاسی ورکر چاہے وہ اعلیٰ سطح کا ہو، لیڈر ہو، کارکن ہو، ہم سب کارکن ہیں، in the end جو سیاسی ورکر ہوتا ہے وہ سیاسی ورکر ہی رہتا ہے، خود پہلے سامنے صفوں میں لگتا ہے۔ ہم پہلے سامنے صفوں میں لگتے ہیں۔ آپ خاردار تار لگاتے ہیں، آپ کو میری ہزار تصاویر سامنے کھڑی ملیں گی۔ ہم عوام کو زمین پر چھوڑ کر بھاگتے نہیں ہیں۔ میری گاڑی پر firing ہو چکی ہے، میرے بندے گر چکے ہیں، کیسی باتیں کرتے ہیں، بغیر bullet proof گاڑیوں میں، بڑی طویل struggle کے بعد ہم یہاں پر آئے ہیں۔ میں یہاں کوئی سوٹ پہن کر front row نہیں پہنچی، بائیس سال لگے ہیں مجھے، برداشت کے، اپنی فیملی سے دور رہتے رہتے، اس ساری struggle میں صف اوّل میں رہ رہ کر، ہم سب اس طرح پہنچتے ہیں، جمہوریت کا نام یہ ہوتا ہے۔

یہ تو آپ ہمارا ایک پارلیمانی چہرہ دیکھ رہے ہیں لیکن سڑکوں پر ہم نے ڈنڈے کھائے ہیں، کبھی کھلوائے نہیں ہیں، پاکستان پیپلز پارٹی کا badge ہے .we are honored آپ ہماری عورتوں کو کس طرح اٹھا اٹھا کر لے جاتے تھے، آپ نے فریال بی بی کو کس طرح رات کو بکتر بند گاڑی میں بٹھایا جیسے کوئی دہشت گرد ہے اور دہشت گردوں کو تو آپ ignore کرتے ہیں اور مریم نواز کو بھی کس طرح آپ ہسپتالوں سے لے کر گئے ہیں، ہم نے سب دیکھا ہے بھائی۔ سب کے دروازے توڑ توڑ کر، سندھ میں کیا ہوا، ہمارے اسپیکر کے گھر میں آپ گھس گئے تھے کسی کو یاد ہے؟ گھس گئے تھے، ان کی خواتین اندر بیٹھیں تھیں آپ نے کسی چیز کا حجاب نہیں چھوڑا، وہ تو سیاسی لوگ نہیں تھے۔ آپ میرے گھر میں گھسیں، میں سیاسی کارکن ہوں برداشت کرلوں گی، گھسیٹ کر لے جائیں گے چلی جاؤں گی لیکن یہ تماشا مجھ سے کبھی نہیں ہوگا۔ یہ جو آپ پیپلز پارٹی سے کہہ رہے ہیں کہ باہر نکلو، نکل نکل کر میری تو skin جل گئی ہے۔ آپ لوگ کہاں تھے اس وقت جب ہم نے حصاری لڑائیاں لڑی ہیں؟ اب آپ ان باتوں کو چھوڑ دیں، خاص طور پر میری پارٹی کا تو fundamental rights میں نام نہ لیں۔ ہم نے نے بہت سیاسی تحمل سے کام لیا ہے ابھی ہماری پارٹی یا کسی اور نے کیا ہوتا جو آپ نے کیا ہے، آپ نے ریاست پر attack کیا ہے ایک نہیں بہت سارے ,monuments آپ سب کے اس وقت documented evidences موجود ہیں، میرا منہ اور نہ کھلوائیں۔

میں چاہ رہی ہوں کہ پارلیمان اور سینیٹ کم از کم اس طرح چلے کہ آپ کو ایک دوسرے کی بات سننے کی توفیق ہو جو کہ پہلے نہیں ہوتی تھی، آپ کو تو instructions تھیں کہ کوئی بات نہ ہونے دیں۔ آپ کو instructions تھیں کہ ایسے stiff رہیں کہ ادھر مڑ کر دیکھ نہ سکیں، آپ کو instructions تھیں اسرائیل کی بربریت پر، صیہونی ریاست میں جو warmongering ہورہی ہے، war crimes ہورہے ہیں، اس پر بھی آپ دستخط نہیں کرتے تھے۔ میں بہت شکر گزار ہوں کہ آج آپ نے یہ کیا ہے کیونکہ آپ کو آج نظر آیا کہ سیاست کا قبلہ پارلیمان میں ایک طریقے سے ہوتا ہے، اپنی ذات سے اوپر ہوتا ہے، صرف اگر ذات کے بارے میں بات کریں گے تو آپ کی لڑائی جمہور کی نہیں رہے گی، آپ کی لڑائی اپنے وجود کی رہے گی، آپ جمہور کی بات کرتے ہیں وہ اس طرح نہیں ہوتا، اس کے لیے اس طرح لڑائی نہیں لڑی جاتی، زہر کے

پیالے پی پی کر لڑی جاتی ہے، منہ کو جب بند کرنا ہوا سے بند کرکے تب لڑی جاتی ہے۔آپ کا کیا خیال ہے ہم تجاوز نہیں کرنا چاہتے تھے اور اب بھی کبھی نہیں کرنا چاہتے۔آپ کا کیا خیال ہے؟

ہمارے ممالک جن مشکل حالات میں ہیں ہم اسے navigate کرتے ہیں، اگر میں اور ہمارے سارے دوست حق مانگنے کے لیے کھڑے ہیں تو بہت سارے ایک پل صراط سے گزر کر آئے ہیں۔ ANP میں شہادتیں ہوئی ہیں، ہمارے ہاں شہادتیں ہوئی ہیں تو اس مُلک کو اتنا lightly نہ لیں، آپ اس کا استحکام ایک tipping point پر لے آئے تھے۔ کسی نے کیا کہا ہے کہ معیشت پر خندقیں بچھا کر گئے تھے پھر آپ نے IMF کو خط لکھ دیا۔ خدارا! معافی تو آپ مانگیں میرے بھائی، ہم سے کس منہ سے آپ معافیاں منگوا رہے ہیں؟آپ نے protest جس طرح کیا، وہ آپ کو صحیح لگا ہے؟آپ کے وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا کیا کرتے رہے ہیں؟وہ کسی truth, کسی سچ یا کسی اتحاد کے حامی ہیں اور آپ trust کی بات کرتے ہیں تو کیسے trust کریں؟ صبح آپ کچھ کہتے ہیں اور شام کو آپ کو instructions مل جاتی ہیں، آپ کو ذرا سی لکیر نظر آجاتی ہے، کرن نظر آجاتی ہے کہ شاید ہمارا لیڈر نکل رہا ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: سینیٹر شیری please wind up کرلیں۔

Senator Sherry Rehman: I will talk as long as he talked because I am the biggest party in the Senate.

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: وہ ٹھیک ہے لیکن میرا خیال ہے ہم نے 10 منٹ رکھے تھے، 14 منٹ ہو گئے ہیں

and there are so many other parliamentary leaders.

Senator Sherry Rehman: No, no, they will also talk; Aimal Wali Khan will also talk for 20 minutes.

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: چلیں ٹھیک ہے کوئی حد مقرر کرلیں۔

سینیٹر شیری رحمان: حد مقرر ہو گئی ہے۔ نہیں اب حد مجھ پر مقرر نہیں ہو گی، 24 منٹ کی حد لگائی گئی ہے اور وہی حد رہے گی سب کے لیے وہی حد رہے گی otherwise we will all walkout, وہی حد رہے گی تمام پارلیمانی لیڈروں کے لیے۔

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: ایمل ولی صاحب میں آپ کی طرف آتا ہوں۔

سینیٹر شیری رحمان: آپ کیسے بول رہے ہیں؟ان کو mic کیوں مل رہا ہے؟ مجھے ملا تھا ان کے بیچ میں، پی ٹی آئی کی یہ کیا mollycoddling ہو رہی ہے۔

(مداخلت)

Senator Sherry Rehman: Why he is even being allowed to speak during my speech? No why he is being allowed to, I am the largest party in the Senate and I will speak as long as he speaks and so will my colleagues,

حد انہوں نے وہاں رکھ دی ہے اور یہ بار بار نہیں ہوگا۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: چلیں آپ بولیں۔

سینیٹر شیری رحمان: Last session میں، آپ نے مجھے interrupt کیوں کیا؟

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: میں نے interrupt اس لیے کیا کہ ہم سب نے agree کیا تھا کہ سب پارلیمانی لیڈر 10 منٹ بولیں گے اور میں نے واحد اس شرط کو پورا بھی کیا ہے۔اب آپ بولنا چاہتی ہیں۔

سینیٹر شیری رحمان: میں بولنا چاہتی ہوں۔آپ نے سول نافرمانی کی ابھی بھی کال دی ہوئی ہے اور ایک طرف ہم سے کہہ رہے ہیں کہ ہم سے بات چیت کریں truth and reconciliation, truth تو تب ہوگا جب آپ قوم سے معافی مانگیں گے کہ آپ نے کیا کیا ہے۔ ہم نہیں چاہتے اور کوئی بھی نہیں چاہتا کہ پاکستان کی سڑکوں پر، اسلام آباد کی سڑکوں پر وہ ہو جو آپ نے کروایا۔آپ نے 24 نومبر کو provoke کروایا، سب کہہ رہے تھے کہ آپ لے کر آ رہے ہیں، جب آپ کو کہا کہ آپ سنگجانی میں رہیں تو آپ سنگجانی میں رہتے۔ نہیں، نہیں، نہیں، باہر سے foreign visitor آرہا ہے، بیلا روس کے صدر آئے ہوئے تھے، آپ نے اسی دن زبردستی دارالخلافہ میں پاکستان کا تماشا کرنا تھا جیسے آپ نے پہلے Chinese Prime Minister کے دورے کے موقع پر تماشا کیا تھا۔ آپ نے پاکستان کے دارالخلافہ میں تماشا کرنا تھا، آپ نے foreign media پر کہنا تھا کہ ہائے، ہائے دیکھیں ہمارے ساتھ کیا ہو رہا ہے۔ اگر آپ چاہتے ہیں کہ جمہوریت اور fundamental rights کا دور واپس ہو تو اس کے راستے پہلے آپ بند

کریں۔ آپ غیر جمہوری actions کی اور جگہ نہ دیں، ہم جمہور کے حوالے سے ایسی تقاریر بہت بہتر کر سکتے ہیں۔ آپ اس کو اور جگہ دیتے جا رہے ہیں اور ہوا دیتے جا رہے ہیں۔ آپ پہلے بات کر لیتے، آپ پہلے کہہ دیتے کہ ہم بات کرنے کے لیے تیار ہیں، آپ parliamentary committees میں بیٹھنے کے روادار ہی نہیں تھے، آپ کمال کی بات کر رہے ہیں۔

اب جو بات ہو رہی ہے، میں تو یہ نہیں کہہ سکتی کہ 'دیر آید درست آید'، میں اکیلے تو نہیں کہہ سکتی۔ ہم نہیں کہہ رہے کہ ,'two wrongs make a right' ہم نہیں کہہ رہے کہ آپ نے غلطی کی تو ہم ایک اور غلطی کرکے اسے سچ یا حق بنا دیں گے، ہم یہ نہیں کہہ رہے لیکن آپ پاکستان کو آگے تو بڑھنے دیں، my way or the highway ختم ہو گیا، وہ highway block ہو گیا، آپ نے اس highway کو جلایا، میں interested نہیں ہوں۔ اگر آپ پھر جلائیں گے، آپ Downing Street کی کیا بات کر رہے ہیں، وہ ایک limit میں رہتے ہیں، چھوٹا سا لندن ہے، Metropolitan City ہے، آپ کیا بات کر رہے ہیں۔ اگر آپ وہاں ان کی فوجی تنصیبات پر attack کرتے، جس طرح آپ نے گھیراؤ، جلاؤ کی call دی تھی اور ابھی بھی دیتے ہیں تو آپ اور ان کے ساتھ جو ہوتا، وہ آپ دیکھتے۔ آپ ملک سے باہر جا کر ملکی اداروں کے ساتھ، پاکستان کی reputation کے ساتھ کھلواڑ کرتے ہیں۔ To me that is unforgiveable, to the Pakistan Peoples Party that is unforgiveable, do not ever equate us with the kind of civil disobedience that you are talking about. Mohtarma Shaheed Benazir would not allow anything like this. پاکستان کے نام پر بال بیکا نہیں ہونے دیتی تھیں، آپ کیسی باتیں کر رہے ہیں۔ ہم نے آمریت برداشت کی ہے، ہم نے ہر آمریت کا سامنا کیا ہے۔ آپ کے پاس تو پارلیمان ہے جسے آپ نے بار بار ٹھکرایا ہے۔ اب چونکہ دائرہ تنگ ہوتا جا رہا ہے، شواہد آئیں گے، باتیں کھلیں گی، ایک بات کھلے گی اور دور تلک جائے گی۔ آپ نے پاکستان کو کیوں اس موڑ پر آنے دیا، ,division, polarization گالی، گلوچ، ڈنڈہ، ,bullets آپ کا خیال ہے کہ کوئی حکومت کسی پر تشدد کرنا چاہتی ہے؟ ,No حکومتیں یہ نہیں کرنا چاہتیں، آپ نے یہ ,26th November کو کروایا ہے۔

ساری سڑکوں پر یہ بات نظر آ رہی ہے، ظاہر ہے ہم condemn کریں گے لیکن پہلے آپ قوم سے معافی مانگیئے، آپ نے کیا کیا ہے، so we will understand that you are to be trusted اور آپ کی leadership کا جو split ہے وہ آپ کو کھا نہ جائے، ہم آپ سے کہتے ہیں، آپ کی leadership کا split ہے وہ آپ کو کھا نہ جائے، آپ کھڑے ہو کر طے کر لیں کہ ہم نے کس کی بات پر یقین کرنا ہے، کس کی بات پر اعتماد اور trust کرنا ہے، کون قوم سے معافی مانگے گا یہ بھی آپ لوگ طے کر لیں۔ اپنے آپ کو بچانا ہے، ضرور بچایئے لیکن پہلے آپ ملک کو بچانے کی بات کریں، then we are happy to trust you. Thank you very much.

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: شکریہ شیری رحمان صاحبہ۔ جی سینیٹر ایمل ولی خان صاحب۔

**Senator Aimal Wali Khan**

سینیٹر ایمل ولی خان: شکریہ، جناب چیئرمین! آپ کا بہت شکریہ۔ آج موقع ملا، جناب جو dialogue چل رہا ہے وہ ایک بہت اہم بحث ہے اور میرے خیال میں سینیٹ جیسے ادارے اس ملک میں اسی لیے بنے ہیں کہ جب بھی کوئی اہم بات ہو، کوئی اہم عمل ہو، کوئی اہم اور خاص قانون سازی ہو تو اس پر بحث مباحثہ ہو، پارلیمنٹ اور Parliamentarians کے دماغ بھی کھلیں اور قوم کو بھی پتا چلے مگر بدقسمتی سے آج کے dialogue پر آنے سے پہلے I will take the privilege کہ میں ایک یا دو pointer بات کروں گا اور بالکل جناب آپ نے ایک code of conduct رکھا ہے، وہ code of conduct time کے لحاظ سے مجھ سے پہلے ہی ٹوٹ چکا ہے تو جب ٹوٹ چکا ہے تو now there is no time limit, I won't take 22 minutes as a time limit, if he can take more or anyone, I have the privilege I can go upto 30 or 40 minutes, کوئی بیچ میں بول سکتا ہے تو بولے۔۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: ایمل ولی صاحب میں آپ کو بالکل نہیں روکوں گا، میں آپ پر چھوڑ دیتا ہوں کیونکہ آپ جتنا وقت لیں گے، جتنا فالتو time لیں گے وہ میرا نہیں لیں گے، وہ اپنے colleagues کا لیں گے اور آپ اگر اپنے colleagues کے حقوق پر۔۔۔

سینیٹر ایمل ولی خان: ان شاء اللہ جناب فالتو ایک سیکنڈ بھی نہیں لوں گا اور تمام اراکین کے دلوں کی ترجمانی کروں گا۔ چاہے وہ اس طرف بیٹھے ہیں یا اس طرف بیٹھے ہیں یہ سب suppressed ہیں۔ میں ان شاء اللہ تعالیٰ ان کی ترجمانی کرنا چاہتا ہوں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: میں یہ عرض کر رہا ہوں کہ ہماری خواہش اور کوشش یہ ہے کہ جن جن کے نام آئے ہیں انہیں موقع ملے اور وہ سب بولیں اور آج اس چیز کو ہم wind-up کریں اور اگر 20-20 منٹس کی تقاریر ہوں گی۔۔۔

سینیٹر ایمل ولی خان: جناب چیئرمین! دس دنوں کی بجائے بیس دن اجلاس چلائیں اور سب کو موقع دیں، اسی لیے تو یہ اجلاس ہے، اسی لیے تو یہ سینیٹ ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: آپ نے اپنے دو منٹ تو یہیں لے لیے ہیں۔

سینیٹر ایمل ولی خان: کیا کروں جناب چیئرمین! آپ سے ڈر بھی بڑا لگتا ہے۔ پچھلا اجلاس بہت شرمناک note پر ختم ہوا۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ پاکستان میں اہم ترین عہدے کی قانون سازی ہوئی، ان کی مدت ملازمت بڑھائی گئی لیکن اس پورے نظام میں یہ courage نہیں تھی کہ اس قانون سازی پر بات ہوسکے۔ میں اس قانون سازی کے pass or fail ہونے کی بات اس لیے نہیں کروں گا کیونکہ جب ان کے قوانین ہوتے ہیں تو چاہے آپ یہاں بیٹھے ہوں یا وہاں بیٹھے ہوں، وہ pass ہوتے ہیں اور وہ fail نہیں ہوتے۔ آج جو باغی بنے ہیں یہ بھی دھڑا دھڑ pass کرتے تھے اور بھی ہوں گے اور کل بھی اگر یہی نظام چلتا رہا تو جناب میرے خیال میں اگر پاکستان مسلم لیگ، پاکستان پیپلز پارٹی اور پاکستان تحریک انصاف یہ سمجھتی ہے کہ یہ جمہوری جماعتیں ہیں تو انہوں نے اس دن جمہوریت کے ساتھ کھلواڑ کیا ہے۔ I am sorry to say, آج اپوزیشن لیڈر صاحب نہیں آئے ہیں۔ ہم آپ کے ساتھ مشترکہ اپوزیشن میں تو نہیں ہیں لیکن وہ اپوزیشن کا لیڈر ہے، آج آتے تو یہ بات میں ان کے منہ پر کہنا چاہتا تھا اور کل آپ نے مجھے موقع نہیں دیا، میں بار بار اسی لیے کھڑا ہونا چاہ رہا تھا کہ جب بھی کوئی اہم قانون سازی آئے گی تو یہ صاحب نہیں ہوں گے۔

اس دن اگر وہ ہوتے تو اس کرسی کا یہ privilege ہے کہ وہ جب بھی کھڑا ہوتا ہے تو اسے بولنے کا موقع دیا جاتا ہے۔ چلیں حکومت تو compromised ہوتی ہے لیکن بدقسمتی سے اس نظام میں Leader of the Opposition بھی compromised ہے۔ حکومت کا تو

چلیں ٹھیک ہے لیکن ایک compromised Leader of the Opposition کے ساتھ یہ اپوزیشن کیا کرے گی؟ کل انہوں نے کہا کہ ہم نے جیلیں کاٹی ہیں۔ انہوں نے ایک دن کی بھی جیل کاٹی ہو، PTI والے ہی بتادیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: آپ ایک سیکنڈ میری بات سن لیں۔ وہ ایوان میں موجود نہیں ہیں۔ جب وہ موجود ہوں توآپ یہ باتیں کرلینا۔

سینیٹر ایمل ولی خان: آپ کل مجھے موقع دیتے تومیں ان کے منہ پر یہ باتیں کرلیتا۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: میں ہوا تو میں آپ کو موقع دے دوں گا، لیکن اس وقت وہ نہیں ہیں اس لیے مناسب نہیں ہے۔

سینیٹر ایمل ولی خان: مجھے یہ لگتا ہے کہ یہ ان کا compromised structure ہے جس کی وجہ سے جب کوئی اہم قانون سازی ہوتی ہے تو وہ نہیں آتے ہیں۔ جناب یہ ایک ڈرامہ تھا، "ayes" and "noes" کا پتانہیں چل رہا تھا، میں چیخ رہا تھا کہ جناب سب چپ ہیں، کوئی بھی "ayes" نہیں بول رہا لیکن سنائی "ayes" کا دیا جاتا ہے "noes" اس system میں سنائی نہیں دیا جاتا۔ لیکن ٹھیک ہے اس روز "ayes and noes" ہوگئے، ادہر کاغذ بھی پھاڑے گئے، ایک ڈرامہ ہوا۔ آج کسی میں ہمت نہیں کہ وہ بات کرے کہ چیف کی مدت ملازمت پانچ سال کیوں کی ہے یا غلط کی ہے۔ ایک اپوزیشن کس نے ووٹ دیا ہے، ?who is saying that میں نے نہیں کیا اور شیری رحمان گواہ ہیں۔ اگر آپ 26ویں آئینی ترمیم کی بات کرتے ہیں تو اس میں آپ لکھتے کہ آرمی چیف کی extension ہونی ہے توآپ کو خود پتالگ جاتا کہ 26ویں آئینی ترمیم کیا ہے اور کیا نہیں ہے۔

جناب چیئرمین! میں یہ چاہوں گا کہ حکومت وقت جن کو یہ سوچ آئی کہ پاکستان کے طاقتور ترین عہدے کی مدت ملازمت تین سال سے پانچ سال کرنے ہیں تو اس کا مجھے بتائیں، اس ایوان میں عوام کو بتائیں کہ تین سے پانچ سال کرنے سے پاکستان کو کیا فائدہ ملے گا۔ پاکستان کے دستور کو کیا فائدہ ملے گا، پاکستان کے عوام کو کیا فائدہ ملے گا یا ان صاحبان کو کیا فائدہ ملے گا کیونکہ میں تو ایک تاریخ لے کر آیا ہوں۔ جب پاکستان آزاد ہوا تو یہاں پر 1935 کا Government of India Act نافذ تھا اور 1956 تک وہی قانون نافذ رہا۔ الحمدللہ ہم آزاد ہوئے انگریز سے، یہ ہم قوم کو بتاتے ہیں۔

اس وقت آرمی چیف کو Commander-in-Chief کہا جاتا تھا، General Sir Frank Walter Messervy ہمارے پہلے Commander-in-Chief تھے جنہوں نے چھ ماہ تک اس عہدے پر service کی تھی۔ ہم ماشاءاللہ آزادی تو حاصل کر چکے تھے لیکن ہمارے دوسرے Commander-in-Chief, General Sir Douglas David Gracey جو بہت مشہور ہیں، جو تقریباً تین سالوں تک اس عہدے پر رہے اور پھر الحمدللہ تاریخ میں پہلی مرتبہ ایک پاکستانی شناختی کارڈ holder Commander-in-Chief بنتے ہیں، 1951 سے 1957 تک وہ اس عہدے پر رہتے ہیں اور پھر وہ تختہ الٹتے ہیں اور مارشل لاء لگاتے ہیں۔

Martial law کا 4 years and 8 months پانچ سال کی مدت کے ساتھ لگائیں۔ 1951 سے 1962 تک General Ayub Khan جو field marshal اور ماشاءاللہ ان کا پوتا بھی انقلابی۔ اس کے بعد آتے ہیں General Musa اور وہ 8 years Chief رہتے ہیں اور یہ وہی دورانیہ ہے جب 1965 کی لڑائی ہوئی تھی اور تاریخ بتاتی ہے کہ پاکستان نے یہ لڑائی جیتی تھی۔ پھر General Yahya Khan آتے ہیں پانچ سال وہ گزارتے ہیں اور 1971 کی جنگ جو ہم نے جیتی تھی ماشاءاللہ، نہیں جیتے تھے، ہارنا تو ہم نے کہاں ہے۔ تین ماہ کے لیے گل حسن صاحب آتے ہیں اور پھر ایک اور مشہور 1972 چونکہ پاکستان اس وقت دولخت ہو جاتا ہے اور ایک مشہور General Tikka Khan آتے ہیں جو تاریخ میں butcher of Bengal کے نام سے مشہور ہیں اور وہ چار سال گزارتا ہے اور یہ 1973 کے آئین کے بعد پہلا جنرل ہے اور 1973 کے آئین میں مدت ملازمت تین سال طے پائی اور یہ جناب چار سال گزارتے ہیں اور 1976 میں General Zia-ul-Haq آتے ہیں اور آئین میں تین سال ہیں، اور وہ بارہ سال serve کرکے چلے جاتے ہیں۔ مرزا اسلم بیگ صاحب تین سال کے لیے آتے ہیں، آصف جنجوعہ دو سال کے لیے آتے ہیں، وحید کاکڑ صاحب تین سال کے لیے آتے ہیں۔ آپ کو بھی یاد ہوں گے جہانگیر کرامت صاحب دو سال کے لیے آتے ہیں اور پھر مشہور زمانہ جنرل مشرف صاحب آتے ہیں اور وہ نو سال گزارتے ہیں، میں ابھی سب کی صرف مدتیں بتا رہا ہوں۔

جنرل کیانی صاحب آتے ہیں چھ سال گزارتے ہیں، جنرل راحیل شریف صاحب آتے ہیں تین سال گزارتے ہیں اور ان تین سال کی وجہ سے آپ کو اگر یہ تین بھی چھ ہوتے تو آپ کو سزا نہ ملتی لیکن ان تین کی وجہ سے آپ کو پھر سزا ملتی ہے۔ باجوہ صاحب آتے ہیں اور ان کو بھی نواز دیا جاتا ہے وہ بھی چھ سال گزارتے ہیں اور اب ہم نے تاریخ بدل دی ہے اتنا بڑا کام ہم نے کر دیا ہے کہ اب یہ آئندہ odd میں نہیں ہوگا تین، نو، سات نہیں مکمل .decade دس سال، پندرہ سال، بیس سال بادشاہ ہیں۔ آپ ہم سے مشورہ کرتے ہم آپ کو کہتے کہ یہ time limit ختم کریں بادشاہ ہیں ایک کو زمین میں لگائیں گے اور دوسرا Chief بس آجائے گا پھر اس کو بھی ساری زندگی کے لیے لگاؤ۔ اس کو بھی پھر جب دفن کریں گے کیوں آپ اتنی محنت کر رہے ہیں۔ اس عہدے کے لیے 64 years کی عمر بھی ختم کر دو۔ مجھے ابھی بھی یاد ہے on a lighter note گیلانی صاحب کے دور میں جب کیانی صاحب کو انہوں نے extension دی تھی تو media پر گیلانی صاحب was the Prime Minister تو گیلانی صاحب سے پوچھا گیا اور گیلانی صاحب آپ کو معلوم ہے بہت شریف آدمی ہیں۔ ان سے پوچھا گیا کہ گیلانی صاحب extension دے دی انہوں نے کہا کہ بڑے لوگ ہیں شکر ہے ایک مانگی ہے، دو مانگتے تو دو دے دیتے۔ نظام میں کیا طاقت ہے۔

میں سمجھتا ہوں کہ جو اس مدت ملازمت کو بڑھا کر سب کو چپ کرا کر، ہم چپ نہیں ہونے والے۔ حکومت آج تو نہیں ہے، ترجمان نہیں ہے، میں نہیں سمجھتا کہ کوئی حکومتی ترجمان ہے اور ہمارے لغاری صاحب تو بیچارے پاکستان کے WAPDA کے اتنے مسائل ہیں اور وہ باتوں پر ہمیں کیا بتائیں گے لیکن میں یہ ضرور چاہوں گا کہ اس سینیٹ کے floor پر ہمیں حکومت کا نمائندہ فوائد بتائے ان کی گنتی کرائے۔ اگر نہیں تو میں نے ابھی صرف مدت ملازمت کی بات کی ہے پھر ان کے کردار پر بات ہو گی۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر! ان کو ہم طاقت دیتے جائیں، ان کو ہم مضبوط سے مضبوط بناتے جائیں اور وہ پھر عوام کو غلام سمجھیں۔ وہ پھر اپنے آپ کو آقا سمجھیں اور وطن عزیز کے مالک کو جن کے پیسوں یا taxes سے ان کو تنخواہیں مل رہی ہیں۔ کتنا grade 19 ہوگا، grade 20 ہوگا، grade 22 ہو گا Major General کا کتنا grade ہو گا؟ وہ interview کرتے ہیں ٹھیک ہے ہم کسی کو جواب نہیں دیں گے لیکن ISPR کو دیں گے کیونکہ ISPR اس ادارے کی

نمائندگی کرتا ہے اور پوری دنیا کو اس کی ذہنیت بتاتا ہے تو DG ISPR کس حیثیت سے اپنے media talk میں پختونوں کے بارے میں، ٹھیک ہے میرا PDM سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ میں PDM میں نہ ہوں اور نہ ہی PDM کا supporter ہوں لیکن ایک پختون ہونے کے ناطے DG ISPR کس حیثیت سے یہ بات کرتا ہے کہ یہ قدرتی وسائل کیا آپ جہیز میں لے کر آئے ہیں۔ (پشتو۔۔۔)

میں ادھر سے ایک warning میرے پاس تاریخ، قانون، آئین اور صوبائی خودمختاری کو لیتے ہوئے دو pages full ہیں لیکن آج میں چاہ رہا تھا کہ میں اس پر بات کروں لیکن میں اس کو ایک شرط پر روکتا ہوں کہ DG ISPR فوری طور پر تمام پختون قوم سے معافی مانگیں۔ یہ قدرتی وسائل ہم بلکل بھی جہیز میں نہیں لے کر آئے، یہ قدرتی وسائل اس زمین پر ہیں جس زمین پر ہم پیدا ہوئے ہیں اور اس پر ہمارا پورے کا پورا حق ہے۔ یہ کون ہوتے ہیں ہمارے قدرتی وسائل کو چوری کرنے والے، یہ کس حیثیت سے ہمارے قدرتی وسائل کو چوری کر رہے ہیں۔ میں تفصیل میں جاؤں گا اگر یہ اس بات سے واپس نہ ہوئے یا اگر انہوں نے اس بات پر معافی نہیں مانگی پھر میں تاریخ کھولوں گا۔ تاریخ سب کے سامنے کھلے گی ہم الحمدللہ سو سالہ تاریخ رکھتے ہیں۔ باچا خان نے اگر انگریز کے خلاف جہد و جہد شروع کی تو اس بات پر شروع کی کہ یہ جو زمین پختونوں کی زمین ہے اس پر وسائل کا اختیار اور حکومتوں کا اختیار اس قوم کے بچوں کا ہے۔ پاکستان جب بنا پہلے پارلیمان میں باچا خان کی تقریر ہے کہ ہم آپ کے ساتھ چلنے کو تیار ہیں مگر ہمارے وسائل پر ہمارا اپنا اختیار ہو گا۔

1973 کا آئین، اگر کسی کو یاد ہے یا کسی نے سنا ہے، جب پاکستان دولخت ہوگیا اور پاکستان کے مزید ٹوٹنے کے امکانات تھے تو اس وقت ولی خان بابا نے اپنی صوبائی خودمختاری کی بات سے پاکستانی بھائیوں کے کہنے پر کہ چلیں، آپ پاکستان کو بچالیں، میں اپنی demands سے پیچھے ہٹ جاتا ہوں۔ دس سال کے لیے اس معاہدے میں مانا گیا اور پھر دس سال بعد بدقسمتی سے بھٹو صاحب کو پھانسی مل چکی تھی جبکہ ولی خان جیل میں تھے۔ آتے آتے پیپلز پارٹی کی حکومت میں اور جناب صدر پاکستان، آصف علی زرداری صاحب کو میں سلام پیش کروں گا، ان کے ہوتے ہوئے اٹھارھویں آئینی ترمیم کامیاب ہوئی ہے اور آئینی طور پر federating units کا اپنے قدرتی

وسائل پر اختیار ہے۔ ہم اس اختیار سے ایک انچ پیچھے ہٹنے والے نہیں ہیں۔ اگر ہم پاکستان کی خاطر، نظام کی خاطر آگے بڑھتے ہیں تو پھر کم از کم ہمارے ساتھ بھی یہ رویہ نہ اپنایا جائے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: بہت بہت شکریہ۔ دیکھیے، اب ایسے نہ کیجیے۔

سینیٹر ایمل ولی خان: جناب! جو اصل بات ہے، میں اس پر تھوڑی روشنی ڈالوں گا۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: ابھی اصل بات آئی نہیں ہے؟ ایسے نہ کریں۔ باقی لوگوں نے بھی بولنا ہے۔ آپ بیس منٹ بول چکے ہیں۔ اس طرح کریں گے تو میں ہاؤس adjourn کردوں گا۔

سینیٹر ایمل ولی خان: جناب! وہ آپ کی مرضی لیکن میں اپنی بات کروں گا۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: میں ہاؤس کو adjourn کردوں گا اور بات یہیں رہ جائے گی۔

سینیٹر ایمل ولی خان: آپ ان کے وقت میں بائیس منٹ سے پہلے adjourn کر لیتے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: اچھا، بائیس منٹ کر لیں۔

سینیٹر ایمل ولی خان: نہیں جناب! بائیس منٹ کیوں؟ میں ان کو کیوں follow کروں؟

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: ٹھیک ہے، میں ہاؤس adjourn کردیتا ہوں۔

سینیٹر ایمل ولی خان: وہ آپ کی مرضی ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: ایسے نہ کریں۔

سینیٹر ایمل ولی خان: آپ نے کل بھی ہمیں بات نہیں کرنے دی۔ مجھے دو منٹ دے دیں، بات ختم ہو جائے گی۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: ایمل ولی خان صاحب! آپ میرے برخوردار ہیں۔ اچھا چلیں دو منٹ لے لیں۔

Exactly two minutes.

سینیٹر ایمل ولی خان: پانچ منٹ پلیز۔ جناب! میرے دو ممبرز ہیں۔ پانچ پانچ منٹ ان کے ہیں، وہ بات نہیں کریں گے۔ وہ مجھے دے دیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: دو منٹ، میں گھڑی کو دیکھ رہا ہوں۔

سینیٹر ایمل ولی خان: جناب! JUI کے ساتھی ہمارے دکھ اور درد میں شریک ہیں۔ ہم ان کے دکھ اور درد میں مکمل طور پر شریک ہیں۔ ہم ان چیزوں سے گزر چکے ہیں۔ 90s میں نواز شریف صاحب نے ولی خان بابا مرحوم کے ساتھ وعدہ کیا تھا کہ آپ ہمارا ساتھ دیں، ہم پختونخوا کو نام دیں گے، کالا باغ کی بات سے پیچھے ہٹیں گے۔ وہ اپنی بات سے پیچھے ہٹ گئے۔ جب پچھلی مرتبہ نواز شریف صاحب وزیر اعظم تھے، میرے والد کے ساتھ western route کا وعدہ ہوا لیکن بات سے پیچھے ہٹ گئے۔ اچھا ہے، آپ کو بھی پتا چل گیا کہ بات سے لوگ پیچھے کیسے ہٹتے ہیں۔ یہ بحث بعد میں ہو گی کہ وہ قانون ٹھیک ہے یا نہیں لیکن کم از کم لوگ آپ پر یقین نہیں کریں گے، اتنا بڑا دھوکا کہ قانون پاس کروالیا، ادھر سے پاس اُدھر سے پاس، باقی سب پاس لیکن ان کے نکات واپس۔ بھئی، وہ سب نکات واپس بھیج دو تا کہ وہ بے چارے دوبارہ bargain تو کر سکیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: شکریہ۔ دو منٹ ہو گئے ہیں۔ ایسے نہ کریں۔

سینیٹر ایمل ولی خان: جناب! 26 نومبر کی بات کرنا بہت لازمی ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: اب دیکھیں، باقی سب لوگوں کا حق آپ مار رہے ہیں۔ اگر آپ ایسے کریں گے تو ہاؤس کیسے چلے گا؟ ایمل ولی خان صاحب! میں آپ سے request کر رہا ہوں۔

سینیٹر ایمل ولی خان: پاکستان میں ہر چیز کی ایک قیمت ہے، جس ایک چیز کی قیمت نہیں تو وہ عوام کا خون ہے۔

(مداخلت)

سینیٹر ایمل ولی خان: اب ان پر بات آرہی ہے تو اس لیے شور مچا رہے ہیں۔ آپ مجھے پانچ منٹ دے دیں، میں آپ کے دل کی مراد پوری کر دوں گا۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: میں ہاؤس adjourn کر دیتا ہوں۔ آپ بیٹھ جائیں گے تو بات آگے چلے گی۔

سینیٹر ایمل ولی خان: 26 نومبر کو میری قوم کے 12 لوگ شہید ہوئے ہیں۔ ان پر یہ بھی deal کر رہے ہیں اور وہ بھی deal کر رہے ہیں۔ کیا میں اس پر بات نہ کروں؟ میری قوم کے لوگ شہید ہوئے ہیں، ان پر یہ لوگ deals کر رہے ہیں، اس معاملے پر میں کیوں بات نہ کروں؟

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: ایمل ولی خان! آپ نے 24 منٹ میں 26 نومبر کے بارے میں ایک لفظ نہیں کہا۔ اب آپ کہتے ہیں مجھے اس پر بولنا ہے۔

سینیٹر ایمل ولی خان: دو منٹ۔ علی امین اور بشریٰ نے ڈراما کیا۔ علی امین اور بشریٰ، پشاور سے جلوس لے کر آئے اور ادھر پختونوں کو ریاست کے سامنے کرکے خود safe house میں جا کر بیٹھ گئے۔ وہ خود safe house میں high tea پی رہے ہیں۔ پھر علی امین اور بشریٰ کو اسلام آباد سے نکلنے کے راستے مل رہے ہیں۔ پھر علی امین اور بشریٰ کو escape routes مل رہے ہیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: آپ ان کا مائیک بند کردیں۔ ایمل ولی خان صاحب کا مائیک بند کردیں۔ طلال بدر! آپ بولیے اور time کا خیال رکھیں، یہ ہم سب کا حق مار رہے ہیں۔

سینیٹر محمد طلال بدر: جناب! پورے پانچ سے سات منٹ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: آپ کا حق پانچ منٹ ہے، پانچ سے چھ منٹ آپ بول سکتے ہیں۔

**Senator Muhammad Tallal Badar**

سینیٹر محمد طلال بدر: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ چیئرمین صاحب! بہت شکریہ۔ اگر چھبیسویں ترمیم نہ ہوئی ہوتی تو 26 نومبر والے کامیاب ہو چکے ہوتے اس بغاوت میں جو وہ کرنے آئے تھے۔ پارلیمنٹ پہلی مرتبہ پارلیمنٹ بنی۔ قانون بنا کر نہ صرف انیسویں ترمیم سے یہ یرغمال تھی، اس نے اپنے آپ کو رہا کروایا بلکہ وہ راستہ روکا۔ جناب چیئرمین! یہ وہ راستہ تھا کہ یہ انتشاری اور فسادی جب اسلام آباد میں enter ہوتے تو ہمارے ساتھ والی بلڈنگ میں کوئی بینچ بیٹھتا، suo motu لیتا اور حکومت کو کٹہرے میں کھڑا کر دیتا۔ جو رینجرز شہید ہوتے، وہ کٹہرے میں، پولیس کٹہرے میں مگر جو کیلوں والے ڈنڈے اور آنسو گیس کے شیل لے کر آئے، وہ وہاں پر انقلابی بنا کر پیش کیے جاتے۔ چھبیسویں ترمیم نہ ہوتی تو یہ بغاوت کامیاب ہو جاتی۔

اگلی بات، کہتے ہیں مذاکرات کریں۔ آپ مجھ سے بہت بہتر جانتے ہیں۔ 1996 سے ان کی پارٹی وجود میں آئی ہے، تقریباً اٹھائیس سال ہو گئے ہیں، مجھے کوئی ایک جگہ دکھا دیں کہ انہوں نے کوئی مفاہمت کی بات کی ہو۔ کبھی کہا جاتا ہے کہ وزیر اعظم کو میں گردن سے پکڑ کر نکالوں گا، کبھی پی۔ٹی۔وی اور سپریم کورٹ پر شلواریں لٹکانی اور کبھی کہتے ہیں کہ قیدی کا، کسی اور کا نہیں قیدی کا،

میں آ کر پنکھا بند کر دوں گا۔ اس کی فریج لے لوں گا، اس سے دوائیاں واپس لے لوں گا۔ میاں نواز شریف صاحب جب جیل میں تھے، میں اس بات کو بھولتا نہیں ہوں کہ ان کی بیماری کو bargaining کے طور پر اور اپنی سیاست چمکانے کے لیے یہ استعمال کرتے تھے۔ بیگم کلثوم نواز کا معاملہ ہو یا اس طرح کی کوئی اور بات ہو۔

جناب چیئرمین! گزارش ہے کہ کس بات کی مفاہمت کی جائے۔ اپنا رویہ تو دیکھیں۔ بات سزاؤں تک پہنچی ہے تو گھبرا گئے ہیں۔ میں نے کہنا تھا، گھبرانا نہیں۔ گھبرا گئے ہیں، اسی لیے مذاکرات کی بات کر رہے ہیں۔ یہ جھانسا ہے جھانسا۔ فیض حمید کو بچانے کے لیے مذاکرات کا ڈھونگ رچایا جا رہا ہے۔ بھئی، یہ تو پارلیمنٹ ہی جعلی ہے، اس سے کس بات کے مذاکرات کرنے ہیں۔ ہم چور اور ڈاکو تھے، کیا اب ہم چور اور ڈاکو نہیں ہیں؟ اب مجھے یہ بتائیں کہ ہم چوروں سے ہاتھ نہیں ملائیں گے۔ کیا اب ہم چور نہیں رہے؟ ہم وہی ہیں۔

جناب چیئرمین! اپوزیشن کے دور میں اپوزیشن لیڈر اور موجودہ وزیراعظم نے کہا کہ میثاق معیشت کرتے ہیں تو انہوں نے کہا کہ یہ NRO مانگ رہے ہیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: آپ اپنے بندوں کو کنٹرول کریں گے؟ آخر میں ان کو message دیں۔

سینیٹر محمد طلال بدر: جب بھی ہم نے مذاکرات کی بات کی، اس حکومت میں آ کر بھی مذاکرات کی بات کی تو اسے کمزوری سمجھا گیا، اسے اپنی فتح جانا گیا۔ حتیٰ کہ 24 نومبر والا احتجاج، وہ مارچ اور وہ دھاوا لے کر آ رہے تھے تو ان سے کہا گیا کہ اپنے احتجاج کو regularize کرنے کے لیے آپ سنگجانی میں بیٹھ جائیں۔ انہوں نے طبلہ فتح بجا دی کہ جیسے حکومت کمزور اور ہم بہت طاقتور ہیں اور انقلاب آ چکا ہے۔

جناب والا! یہ کہتے ہیں کہ Truth and Reconciliation Commission بننا چاہیے۔ میرے بھائی! وہ آج سے نہیں بنے گا، وہ بہت پہلے سے بنے گا، جس دن آپ مشرف کے referendum کے polling agent بنے تھے، وہاں سے معافیاں مانگنی پڑیں گی۔ 2014 کے دھرنے کو ہم بھول نہیں سکتے۔ 2018 میں RTS بٹھا کر اس ملک پر مسلط ہونے والے سمجھتے ہیں کہ ہم اسے بھول جائیں گے۔ میرا قائد، آپ اس وقت ساتھ تھے، بانی پی ٹی آئی

کے گھر گئے۔ انہوں نے وہاں جو بات کی، اپنے گھر کی سڑک سے لے کر،ان سے ہم ملک چلانے کے لیے پاکستان کی معیشت آگے بڑھانے کے لیے، سی پیک کو آگے لے جانے کے لیے گئے۔ انہوں نے اس کا کیا جواب دیا۔

Mr. Presiding Officer: Now you have just 20 seconds.

سینیٹر محمد طلال بدر: جناب! صرف دو منٹ، ایک منٹ دے دیں۔ جناب! گزارش یہ ہے،کہتے ہیں کہ 9 مئی کو بھول جائیں، یعنی 9 مئی کو بھولنے کے لیے آپ نے 24 نومبر کیا ہے۔ بھولا نہیں جائے گا۔ کوئی ایسے مذاکرات جن میں مجرم بھی شامل ہوں، وہ نہیں ہو سکتے۔ کوئی ایسے مذاکرات جو فیض اور اس کے گٹھ جوڑ سے پاکستان کو جو نقصان ہوا ہے۔ اس میں ایک اور نام کا اضافہ کر لیں، اس میں ثاقب نثار بھی شامل ہے۔ ثاقب نثار، فیض، عمران، دیکھیں کس کا نقصان ہوا۔ ذاتی نقصان تو ہم بھول سکتے ہیں۔ کال کوٹھڑیوں سے لے کر جلاوطنیاں تک بھگتیں لیکن یہ نہیں ہو سکتا کہ 100 کا ڈالر 300 روپے کا ہو۔ مہنگائی، چار روپے کی روٹی چوبیس کی، نقصان اس ملک اور غریب کا ہوا ہے۔ گزارش یہ ہے، کہتے تھے کہ چھین کر لیں گے، ٹکر کے لوگ اور جناب چیئرمین! آگے یہ ہے کہ دلیے کا boycott کریں،فوجی مصنوعات کا boycott کریں۔او بھائی! سب سے بڑی فوجی مصنوعات تو بانی پی ٹی آئی ہیں۔ وہ تو انہوں نے خود create کیے۔ اگر جنرل ظہیر الاسلام، جنرل پاشا نہ ہوتے تو بانی پی ٹی آئی۔۔۔۔

Mr. Presiding Officer: Thank you. Senator Mohsin Aziz Sahib.

**<u>Senator Mohsin Aziz</u>**

سینیٹر محسن عزیز: شکریہ، جناب چیئرمین! بات یہ ہے کہ میں نے کل کی تقاریر سنی تھیں، قائد حزب اختلاف کی تقریر اور قائد ایوان کی تقاریر سنی تھیں۔ اس کے بعد میں نے اٹھ کر صرف یہ بات کرنی تھی کہ بہت شکریہ، بہت مہربانی، ہم آگے کی طرف ایک قدم لینے کے لیے تیار ہو گئے ہیں اور اس کو آگے لے کر چلتے ہیں۔ جیسے انہوں نے کہا تھا کہ ہم میں بھی اور ہر طرف کچھ نہ کچھ ایسے عناصر موجود ہیں جو پاکستان کو آگے جانے نہیں دیتے۔ آج میں یہ کہنے پر مجبور ہو گیا ہوں کہ کل اور آج کی تقاریر میں بہت فرق آگیا ہے۔ اگر ہم چاہتے ہیں کہ پاکستان کو economically

strengthen کریں جو کہ ضرورت ہے۔ جناب چیئرمین! بات یہ ہے کہ پاکستان نہ صرف ہر قسم کے natural resources سے مالامال ہے، پہاڑ، دریا، سمندر اور درخت ہیں بلکہ جو ہمارا human resource ہے وہ بھی بہت بڑا ہے۔ اگر ہم اسے tap نہیں کریں گے تو یہ human resource ایک بہت بڑا blaze بن جائے گا۔ کل یہاں پر جو بات ہوئی، میرا دل خوش ہوا کہ کم از کم یہ نہیں کہا گیا کہ تم نے بات شروع کی یا میں نے بات شروع کی۔ ویسے تو آگے چل، تم پہلے اور میں پہلے، اس سے تو پاکستان غرق ہو جائے گا، تباہ ہو جائے گا۔ آج اگر یہ طعنہ بازی شروع ہو گئی ہے، کس کا کیا فائدہ، اگر ہم بھی یاد کرنا شروع کر دیں کہ شلواریں کس نے لٹکائی تھیں، حملہ کس نے کیا تھا، پی ٹی وی پر کون گیا تھا، ہیلی کاپٹر سے تصویریں کس نے گرائی تھیں۔ ہم بھولے نہیں۔ اگر میڈم تالپور کو نہیں بھولے تو یہ بھی نہیں بھولے کہ trains کس نے جلائی تھیں، کتنی مدت کے بعد پاکستان کھپے ہوا، factories جل گئیں، تباہ ہو گئیں، اس کے بعد پھر پاکستان کھپے۔ میں اس طرح کی باتوں کو avoid کرنا چاہ رہا تھا، بہت زیادہ avoid کرنا چاہ رہا تھا اور اس لیے avoid کرنا چاہ رہا تھا کہ ہم آگے چلیں۔

یہاں جو بات کی جا رہی ہے، پختونوں کی بات کی جا رہی ہے لیکن پختونوں کے بڑے ایک طرف ایک institution کی ہمیں history بتا رہے ہیں جس طرح ہم نے ابھی الف، ب، پ سیکھی نہ ہو، ہم نے کبھی اردو کا مطالعہ نہ کیا ہو، نہ انگریزی کا مطالعہ کیا ہو اور ہمیں بتا رہے ہیں کہ پاکستان 1947 میں بنا تھا اور اس کے بعد کیا ہوا تھا۔ ہم جانتے ہیں، ہم یہ بھی جانتے ہیں کہ ہم ایک institution کو strong بھی دیکھنا چاہتے ہیں۔ ہر institution کو strong دیکھنا چاہتے ہیں۔ یہاں پر پھر اسی طریقے کی گفتگو کرنا، طعنے دینا۔ جب تک ہم اس وتیرہ سے نہیں نکلیں گے اس وقت تک ہم آگے نہیں بڑھ سکتے۔ اگر ہمیں یہ بات بتائی جائے کہ ہیلی کاپٹر سے تصویریں کس نے گرائی تھیں، یہ کس نے کہا تھا کہ اگر ہم میاں نواز شریف کو یا مسلم لیگ (ن) کو معاف نہیں کریں گے تو اللہ بھی ہمیں معاف نہیں کرے گا۔ یہ باتیں کس کو بھول گئی ہیں، کوئی بھی نہیں بھولا ہے۔ ہم بھی نہیں بھولے ہیں اور آپ بھی نہیں بھولے ہیں لیکن آج چونکہ کسی کے ساتھ بغل گیر ہو گئے ہیں، اس لیے آپ کی آج کی یادداشت تو ٹھیک ہے لیکن ماضی کی memory بھول گئے ہیں۔ میں پھر آپ سے گزارش کرتا ہوں کہ اگر ہم نے آگے بڑھنا ہے، اگر ہم نے اس ملک کو آگے لے کر

جانا ہے تو کوئی یہ طعنہ نہ دے کہ تم کمزور ہوگئے، یہ تمہاراآخری وار تھااور آخری وار میں تم فیل ہوگئے ہو۔ یہ ایک ایسی گفتگو ہے جس سے آپ دوسرے آدمی کو طیش دلاتے ہیں، آپ اس کو کہتے ہیں کہ کب آؤ گے، کیوں آؤ گے۔ جب آتے ہیں تو پھر آپ اسے مارتے ہیں۔ گولی کا چلنا، ہر قیمت میں چاہے وہ ایک آدمی کو لگی یا پچاس یا سو آدمیوں کو لگی، ایک غلط کام ہے۔ ہمارے لیے ایک جان بھی اتنی ہی قیمتی ہے جتنی سو جانیں قیمتی ہیں۔

جس طریقے سے آپ نے جلسے جلوس کیے، جس طریقے سے آپ آئے، اسی طریقے سے یہ معاملات چلتے ہیں لیکن ایک mob mentality ہے۔ اگر اس میں کوئی ایسے عناصر شامل ہوئے ہیں جو ہماری پارٹی کے کارکن نہیں ہیں، اس کا ذمہ دار ہم نہیں ہیں، اس کا ذمہ دار کوئی اور ہے۔ ہم تو چاہتے ہیں کہ 9 مئی پر بھی کمیشن بنے، ہم یہی چاہتے ہیں کہ ایک independent commission بنے۔ ہم چاہتے ہیں کہ اس واقعہ پر بھی ایک independent commission بنے۔

جناب! ابھی ہم نے ان باتوں سے آگے نکلنا ہے اس لیے کہ پاکستان بہت پیچھے رہ گیا ہے۔ پاکستان سے جو لوگ UAE جاتے تھے، آج پاکستان سے جو لوگ سعودی عرب جاتے ہیں، میں آپ کو قسماً بتاتا ہوں کہ آج پاکستان سے لوگ افغانستان جانا شروع ہوگئے ہیں۔ خدارا! اس ملک کو اتنا نیچے نہ لے کر جائیں کہ ہماری اولاد، ہمارے بچے، پوتے اس ملک میں رہ ہی نہ سکیں۔ ہم نے اس ملک کو صحیح کرنا ہے اور یہ ہی وہ جگہ ہے جہاں پر ہم نے مفاہمت کی بات کرنی ہے۔ کسی نے شروع کی یا کسی نے انکار کیا، کسی نے اب شروع کی ہے تو اس کو طعنہ نہ دو۔ اگر کسی نے آج ہاتھ بڑھایا ہے تو اس ہاتھ کو یہ مت سمجھو کہ کمزوری کا ہاتھ ہے۔ آپ نے ہاتھ بڑھایا، ہم نے سمجھا کہ کمزوری کا ہاتھ ہے، غلط کیا۔ آج اگر اس طرف سے ہاتھ بڑھا ہے تو یہ نہ سمجھا جائے کہ کمزوری کا ہاتھ ہے۔ کل ہمارے قائد حزب اختلاف نے یہ بات کہا تھا کہ وہ reconciliation کو بہترین طریقہ کار سمجھتے ہیں۔ میں بھی کہتا ہوں کہ آج اس کو لے کر آگے چلیں۔ اگر truth and reconciliation کی بات کرنی ہے، کوئی مشرف سے شروع کرتا ہے تو میں کہوں گا کہ ضیاء الحق سے شروع کرو تو اس کا end کیا ہوگا۔ اس کا end کچھ بھی نہیں ہوگا۔۔۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: شکریہ، سینیٹر محسن عزیز صاحب۔ ماشاء اللہ آپ نے بہت اچھی گفتگو کی،so kind of you تشریف رکھیں۔ سینیٹر افنان اللہ خان۔

سینیٹر ڈاکٹر افنان اللہ خان: شکریہ جناب پریذائیڈنگ آفیسر صاحب۔

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی بالکل ایسے ہی ہے، آپ کا نام بھی آیا ہے اور سینیٹر کامران مرتضٰی صاحب بھی ہیں۔

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: مولانا صاحب کو موقع دے دیتے ہیں۔

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: اس کے بعد آپ کرلیں، سینیٹر عبدالواسع صاحب۔

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: میں یہ گزارش کرنا چاہتا ہوں۔ ہم ان شاء اللہ اس discussion کو کل بھی continue رکھیں گے کیوں کہ دونوں طرف سے بڑی لمبی list آئی ہے، وہ list آج conclude نہیں ہوگی۔ ہم اس discussion کو کل بھی جاری رکھیں گے لیکن ابھی ہم مولانا صاحب کو موقع دیتے ہیں اور پھر اس کے بعد سینیٹر افنان اللہ خان صاحب کو موقع دیں گے اور پھر دیکھتے ہیں کہ اس discussion کو کتنی دیر تک continue رکھنا ہے۔

**Senator Abdul Wasay**

سینیٹر عبدالواسع: (عربی) جناب چیئرمین! کل سے اپوزیشن اور حکومت کی طرف سے جو بحث ہورہی ہے۔ جناب قائد حزب اختلاف صاحب نے بہت لمبی تقریر کی اور حکومت کی طرف سے اسحاق ڈار صاحب نے بھی لمبی تقریر کی۔

جناب چیئرمین! تقریر کی حد تک میں دونوں کی باتوں سے اتفاق کرتا ہوں، جناب قائد حزب اختلاف صاحب نے جو کچھ بھی حکومت اور ان کے بارے میں باتیں کیں، انہوں نے سب کچھ صحیح اور سچ کہا۔ اسحاق ڈار صاحب نے 2018 سے ان کا جو کردار بتایا وہ بھی سچ ہے لیکن ان سب کے

سچ ہونے کے بعد، یہ اس کے بعد کس پر الزام لگا ہے؟ یہ کس کے بارے میں بات کر رہے ہیں کہ یہ ملک کے ساتھ ہوا یا ہمارے ساتھ ہوا اور یا پھر وہ اپنے آپ کے بارے میں کہتے ہیں۔

جناب چیئرمین! میں تمام سیاسی جماعتوں سے یہی گزارش کرتا ہوں چاہے وہ حکومت میں ہیں یا ہمارے PTI کے دوست ہیں۔ اب جب آپ لوگ یہ صحیح صحیح باتیں کرتے ہیں لیکن اگر 2018 کے الیکشن اور ان کے سارے کردار اور کارنامے صحیح ہیں۔ اب میں مسلم لیگ اور پاکستان پیپلز پارٹی سے کہتا ہوں کہ ہم تینوں جماعتیں ایک ساتھ چلے آرہے تھے۔ جمعیت علمائے اسلام کا آپ سب سے اول کا کردار تھا اور تحریک جو اس حکومت کے خلاف چلی تھی اس میں جمعیت علمائے اسلام کا سب سے بڑا کردار تھا بلکہ جمعیت علمائے اسلام ہی تحریک چلا رہی تھی لیکن اس کے بعد آپ نے وہی نسخہ استعمال کیا جو نسخہ 2018 میں PTI والوں نے استعمال کیا، ان کے کندھوں پر جن کے کندھوں پر ہم شکایت کرتے تھے کہ یہ ان طاقتور لوگوں کے کندھوں پر آئے ہیں وہ حقیقی انتخابات نہیں ہوئے اور حق کی نمائندگی نہیں ہوئی۔

جناب والا! جب ہم تینوں جماعتیں یہ بات کر رہے تھے تو اب آپ لوگوں نے وہی کام اس طرح سے کیا، آپ نے نہ صرف PTI والوں کے ساتھ کیا، وہ تو آپ کے مخالف تھے چلیں آپ نے کہا کہ آپ نے ہمارے ساتھ کیا اور ہم نے آپ کے ساتھ کیا لیکن آپ نے وہی کام جمعیت علمائے اسلام کے ساتھ، اس جماعت کے ساتھ کیا کہ جس جماعت نے اسی حکومت کے خلاف ملین مارچ کیے ہیں، آزادی مارچ کیے ہیں اور وہاں ملک میں ایک تحریک چلائی ہے اور اس تحریک کے نتیجے میں یہ سب کچھ ممکن ہوا۔ لہٰذ مسلم لیگ اور پاکستان پیپلز پارٹی آج یہ بات کرتی ہیں کہ 2018 کی تاریخ دیکھیں اور PTI والے یہ بات کہتے ہیں کہ آج آپ کیا کر رہے ہیں۔ کل تم لوگ جن کے کندھوں پر آئے، جن لوگوں کے لیے آپ استعمال ہوئے ہیں، جو کچھ بھی آپ کر رہے تھے وہ آپ نہیں کر رہے تھے وہ تو آپ سے کروا رہے تھے، وہ کس کے لیے کروا رہے تھے اور کس کے لیے کر رہے تھے؟ آج وہی کام مسلم لیگ اور پاکستان پیپلز پارٹی سے کروا رہے ہیں اور کر رہے ہیں۔ خدارا ہر ایک کی اپنی مدت مقرر ہوتی ہے۔ 75 سالوں سے اس ملک میں ابھی تک ایک حقیقی جمہوری حکومت قائم نہیں ہوئی اور 75 سالوں میں ہم جیسے غریبوں کے ساتھ، عوام کے نمائندے ہم ہیں، جمعیت علمائے اسلام اس طرح کی جماعت

ہے باقی ان تین، چار پارٹیوں کے درمیان کبھی ایسا ہوتا ہے کبھی وہ ان کا کندھا استعمال کرتے ہیں تو کبھی وہ ان کا کندھا استعمال کرتے ہیں پھر ملک کو کمزور کرنے کے لیے تحریک چلاتے ہیں۔

جناب چیئرمین! ابھی یہاں پر بات ہورہی ہے کہ PTI والے مذاکرات کیوں نہیں کرتے؟ اس کو یہی طعنے دے رہے تھے اور وہ یہی کہتے تھے کہ ہم ہر وقت مذاکرات کے لیے تیار ہیں لیکن اگر آج پاکستان کی خاطر یا وہ کمزور ہوگئے ہیں یا طاقتور ہوگئے ہیں اگر انہوں نے مذکرات کی پیشکش کردی ہے تو اب آپ ان کو کیوں طعنے دے رہے ہیں؟ اس کا مطلب یہ ہے کہ آپ اس وقت خواہ مخواہ یہ چاہ رہے ہیں کہ پاکستان کمزور ہو جائے اور تاکہ ملک کی economy تباہ ہو۔ لہٰذ جو بھی سیاسی قوت آتی ہے ان کو کوئی بھی اختیار نہیں ہے کیوں کہ ان کو کہا جاتا ہے کہ ان کو چھیڑو تاکہ یہ ملک آرام سے نہ چلے اور ملک ترقی بھی نہ کرے۔

جناب چیئرمین! اب میں چھبیسویں آئینی ترمیم پر آرہا ہوں۔ میں کہتا ہوں کہ PTI والے مان لیں کے یہ ملک کے دشمن ہیں، یہ ملک کے لیے کام نہیں کرتے، یہ ملک کو ترقی نہیں دینا چاہتے۔ جناب والا! آپ کو معلوم ہے جمعیت علمائے اسلام وہی جماعت ہے کہ تمام مخالفتوں کے باوجود آپ لوگوں نے ہمیں الیکشن میں مشترکہ طور پر ہروا دیا لیکن اس کے باوجود ہم نے چھبیسویں آئینی ترمیم میں آپ کا ساتھ اس پاکستان میں قانون سازی کے لیے دیا جس سے پاکستان میں قانون سازی آگے بڑھے لیکن اس میں مدارس کے حوالے سے بل سینیٹ نے بھی متفقہ طور پر پاس کیا اور اس بل کو قومی اسمبلی نے بھی پاس کیا۔ جو 26,32 or 35 شقیں تھیں وہاں ترامیم کی لیکن انہوں نے صرف ایک مدارس کا بل مسترد کردیا اور اب تک اس بل پر دستخط نہیں کررہے لیکن جناب چیئرمین! ہمیں پہلے بھی لوگ کہہ رہے تھے کہ آپ کو اس میں دھوکہ دیں گے اور آپ لوگوں کو دھوکہ مل جائے گا آپ کی جماعت کے ساتھ ہاتھ ہو جائے گا لہٰذا ہم نے وہ تو دیکھ لیا۔

جناب چیئرمین! میں نہیں سمجھتا کہ یہ بل مسلم لیگ کے لیے ناقابل برداشت ہے یا یہ بلِ پاکستان پیپلز پارٹی کے لیے ناقابل برداشت ہے کیوں کہ PDM کی حکومت میں بھی جب ہم حکومت میں بیٹھے تھے اور ہم نے جمع کردیا، پہلی خواندگی کے بعد دوسری خواندگی میں اس کو روک دیا گیا لیکن جناب والا! اب تو پارلیمنٹ سے پاس بھی ہوگیا۔ اب جب یہ پارلیمنٹ کا معاہدہ ہے، پارلیمنٹ سے پاس شدہ ایک چیز اگر آپ لوگ اس پر عمل درآمد نہیں کرتے تو مذاکرات کے حوالے سے آپ کیا توقع

رکھتے ہیں، PTI اعتماد کر سکتی ہے؟ پھر جمیعت علمائے اسلام حکومت پر کیا اعتماد کر سکتی ہے اور پھر دوسری جماعتیں کیا اعتماد کر سکتی ہیں؟

جناب چیئرمین! میں سمجھتا ہوں کہ سیاسی جماعتیں اپنے اندر اس طرح ایک قوت پیدا کر لیں تاکہ وہ معاہدے کریں اور اس کی پاسداری بھی کریں کیوں کہ مسلمان کا شیوہ یہ ہے کہ (عربی) ایک وعدہ یا عہد ہے جس کے بارے میں پوچھا جائے گا جو انہوں نے کر دیا، پارلیمنٹ سے مشترکہ پاس کر دیا، آج مدارس کے بل اور لوگ دربدر پھر رہے ہیں۔

جناب چیئرمین! اگر ہمارا، آپ کا اور حکومت کا رویہ یہ ہوگا تو مسلم لیگ اور پاکستان پیپلز پارٹی والے دوست یہ نہ سمجھیں کہ ان کی حکومت قیامت تک چلے گی، ان کا حشر بھی یہی ہوگا جو PTI کا ہوا ہے اور اب یہ لوگ جیلوں میں ہیں۔ یہ آپ کو اس لیے جیلوں میں ڈال دیتے ہیں، اس لیے جیلوں میں نہیں ڈالتے کہ وہ پاکستان کو بچا رہا ہے بلکہ اس لیے وہ تو سمجھتے ہیں کہ آپ جب ہمارے کندھوں سے اقتدار میں آ جاتے ہیں پھر آنکھیں بھی ہمیں دکھاتے ہیں لہٰذا ان کو واپس جیل میں بھیجتے ہیں۔ پھر ان کے خلاف دوسری پارٹی کو استعمال کرتے ہیں اور پھر جب وہ وہی طریقہ استعمال کرنا شروع کر دیتے ہیں تو پھر ان کو بھی جیلوں میں ڈال دیتے ہیں۔

میں تمام دوستوں سے، تمام سیاسی جماعتوں سے یہ گزارش کروں گا کہ پاکستان مزید انتشار اور خلفشار کا متحمل نہیں ہو سکتا ہے اور جناب چیئرمین! میری یہ گزارش ہے کہ آپ بہت اچھے انسان ہیں اور وہاں تک آپ کی رسائی بھی ہے، تو خدارا، مدرسوں کا جو Bill ہے اس پر اسی پوری شکل میں دستخط کیے جائیں۔ اگر ایسا نہ ہوا تو کل آپ ہمارے اوپر بھی گولی چلائیں گے اور یہ مدارس ہماری redline ہونگے۔ ہم مدرسوں کے بارے میں کوئی compromise نہیں کریں گے۔

ٹھیک ہے، اس جمہوریت کے حوالے سے جب ہمارے پاس چھبیسویں آئینی ترمیم آئی تو ان پچپن ترامیم میں سے پچیس چھبیس ہم نے واپس کر دیں اور ہم نے ان پر اتفاق نہیں کیا اور حکومت نے اُن ترامیم کو واپس لے لیا لیکن اگر مدارس پر اسی طرح کا سلسلہ جاری رہا تو جناب چیئرمین، ان شاء اللہ العزیز ہمارے لوگ بلکہ بائیس کروڑ عوام، جو کہ جمیعت علمائے اسلام کے ساتھ ہیں، وہ نہ تو پیپلز پارٹی کے ساتھ ہیں اور نہ ہی مسلم لیگ (ن) کے ساتھ ہیں، یہ جب اقتدار میں آئیں گے تو وہ ان ذرائع سے آئیں گے جس طرح یہ آج ایک دوسرے کے ساتھ لڑتے رہے ہیں۔ ہم ان شاء اللہ اسلام آباد آئیں گے

اور پھر آپ گولی چلائیں گے اور آپ کی گولیاں ختم ہو جائیں گی لیکن ہمارے سینے ختم نہیں ہوں گے، ان شاء اللہ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: نہیں، کوئی گولی نہیں چلائے گا۔ آپ کی بہت مہربانی۔ آپ کی بڑی نوازش۔ جی سینیٹر ڈاکٹر افنان اللہ خان۔

**Senator Dr. Afnan Ullah Khan**

سینیٹر ڈاکٹر افنان اللہ خان: شکریہ جناب پریذائیڈنگ آفیسر صاحب۔ میں آج کا topic جو کہ چوبیس نومبر کو PTI کا احتجاج تھا، اس پر کچھ روشنی ڈالنا چاہتا ہوں۔ یہاں پر بہت ساری باتیں ہوئیں لیکن ایک چیز جس کی مجھے بہت زیادہ تکلیف تھی کہ Shanghai Corporation Organization کا چار اکتوبر کو اجلاس تھا اور اس میں دنیا کے دس بڑے انتہائی اہم ممالک، جس میں China بھی ہے، Russia بھی ہے، Kazakhstan بھی ہے ، India کے بھی Foreign Minister آئے ہوئے تھے۔ 1997 کے بعد پہلی دفعہ کوئی ایسی conference ہو رہی تھی جس میں دنیا کے اتنے سارے leaders پاکستان آئے ہوئے تھے اور SCO کے بارے میں یہ کہا گیا کہ دنیا کا چالیس فیصد GDP ان ممالک کے پاس ہے جو اس وقت شرکت کرنے کے لیے پاکستان آئے ہوئے تھے اور آپ ہماری بدقسمتی دیکھیں کہ بجائے اس کے کہ ہم اس چیز کو rejoice کرتے، اس چیز کا جشن مناتے اور اس کی بہتری کے لیے کام کرتے، اس دن پورے اسلام آباد میں تماشا لگا ہوا تھا۔

پھر ہم وہاں پر نہیں رکے بلکہ اس کے بعد بڑی planning کے ساتھ ایک اور date چوبیس نومبر کی دی گئی۔ جب ہمیں پتا چلا کہ وہ date دی گئی ہے تو وہ date coincide کر گئی جب Belarus کے صدر آئے ہوئے تھے۔ تو مجھے یہ سمجھ نہیں آتی کہ PTI کی یہ کیسی سیاست ہے جس میں کبھی یہ Chinese Premier کو روکتے ہیں، کبھی یہ Shanghai Corporation Organization کے اجلاس کو روکتے ہیں، کبھی Belarus کا صدر آ رہا ہو تو یہ اس کو روکتے ہیں۔ IMF کو letter آپ نے لکھا جس کو پورے پاکستان نے دیکھا۔ آپ کا Finance Minister phone کر کے کہہ رہا ہے کہ letter لکھو کہ پاکستان کو loan نہیں ملنا چاہیے۔ آپ کے بانی PTI نے campaign چلائی کہ پاکستان default کر جائے۔

مجھے آپ بتائیں کہ چھبیس کروڑ لوگ، چلیں دو منٹ کے لیے ہم غلطی پر ہو سکتے ہیں، کوئی ادارہ بھی غلطی پر ہو سکتا ہے یا اور بہت سارے، لیکن یہ چھبیس کروڑ لوگوں کا ملک ہے اور اس چھبیس کروڑ لوگوں کے ملک کو آپ نے ایک بندے کے مفاد سے منتھی کر دیا ہے کہ اگر آپ کا leader وزیر اعظم ہو، وہ جیل سے باہر ہو، آپ کے معاملات سیدھے ہوں تو ٹھیک ہے ورنہ ملک ہی نہ بچے۔ مجھے آپ بتائیں کہ یہ کس قسم کی سوچ ہے۔ ہم سب نے ایک دن مر جانا ہے۔ کسی نے بھی نہیں رہنا۔ ایک دن اس دنیا میں بانی PTI بھی نہیں ہوں گے لیکن ان شاء اللہ، اللہ کی مہربانی سے یہ ملک ہو گا۔ تو ہم اپنے بچوں کو کیا بتا رہے ہیں کہ اگلی دفعہ ملک میں کوئی بڑا اجلاس ہو تو اُسی دن کا کہتے ہیں کہ ہم نے احتجاج کرنا ہے۔ یہ ایک بڑا افسوس ناک معاملہ تھا۔

اس کے بعد میں اس hybrid نظام پر بات کرنا چاہوں گا کہ آپ ہمیں بار بار کہتے ہیں کہ جی یہ ہو گیا، ہمیں پکڑ لیا، ہمیں مار دیا، پھر یہ بات ہوئی کہ گولی کیوں چلائی۔ جناب پریذائیڈنگ آفیسر صاحب! پہلے یہ نومئی کو کہتے تھے کہ گولی کیوں نہیں چلائی اور اب چھبیس نومبر کو کہتے ہیں کہ گولی کیوں چلائی۔ مطلب آپ مجھے بتائیں کہ آپ ہی narrative بناتے تھے کہ اگر ہم نومئی کو آ رہے تھے تو آپ ہم پر گولی چلاتے۔ یہ آپ کا narrative تھا اور اب چھبیس کو آپ کہتے ہیں کہ گولی کیوں چلائی۔ آپ لوگ آپس میں اس پر ایک دفعہ agree کر جائیں کہ کیا کرنا چاہیے اور کیا نہیں کرنا چاہیے۔ آپ کا narrative اتنا contradictory ہوتا ہے۔

جناب چیئرمین! ایک اور تکلیف دہ بات یہ ہے، باتیں تو بہت ہیں لیکن time کم ہے، وہ یہ کہ لسانیت کی بنیاد پر اس چیز کو بار بار provoke کیا جا رہا ہے کہ جی ایک صوبہ کے ساتھ بڑی زیادتی ہو گئی ہے۔ آپ مجھے بتائیں کہ یہ آپ کی کیسی سیاست ہے جس میں آپ اس fault line کو چھیڑ رہے ہیں۔ کیا آپ اس ملک میں پنجابی، پٹھان یا کسی اور کے نام پر دَنگا فَساد کرانا چاہتے ہیں۔ یہ کیسی سیاست ہے حالانکہ آپ کو تو پنجاب میں بھی ووٹ ڈلا ہے۔ آپ کو تو اور بھی بڑی جگہوں پر ووٹ پڑا ہے مگر آپ لوگ بار بار اس طرح کی باتیں کرتے ہیں۔

پھر مجھے بہت افسوس ہوتا ہے کہ ملک کے حالات بہت خراب ہیں اور بالکل جی، دہشت گردی کا ایک بہت سنگین مسئلہ ہے اور اس سے کون deny کر سکتا ہے۔ تو کس نے چالیس ہزار طالبان کو واپس لا کر یہاں آباد کیا تھا۔ کس نے اس بات کو defend کیا کہ یہ فیصلہ ٹھیک ہے۔ یہ

آج بھی defend کرتے ہیں کہ وہ فیصلہ ٹھیک تھا۔ حالات تو خراب اُس دن ہوئے جس دن آپ ان کو اسلحہ سمیت واپس لے کر آئے۔ تب آپ کو اس ملک کا سوچنا چاہیے تھا۔ تب آپ کو صوبے کا سوچنا چاہیے تھا۔ پشتونوں کا خون آپ کو بہت عزیز ہے، تب آپ کو پشتونوں کے خون کی کوئی فکر نہیں ہوئی۔ آپ نے چالیس ہزار بندے اسلحہ سمیت جس میں night vision goggles اور heavy weaponry شامل ہے، ان کو واپس لے کر یہاں آباد کر دیا اور اس پر کوئی شرمندگی بھی نہیں ہے۔

جناب چیئرمین! پھر کہتے ہیں کہ Truth and Reconciliation Commission بنا دیا جائے۔ میں آپ کی یاد داشت میں لانا چاہتا ہوں کہ PTI کی طرف سے یہ بات کی گئی تھی کہ یہ پینتیس پنکچر ہیں اور یہ چار حلقے ہیں، انہیں کھول دیں۔ اس پر ایک judicial inquiry ہوئی اور اس judicial inquiry کے بعد یہ بتایا گیا کہ 2013 کے انتخابات میں کوئی منظم دھاندلی نہیں ہوئی۔ آج تک ہم آپ کا انتظار کر رہے ہیں کہ کب آپ ہم سے معافی مانگیں گے، کب آپ میاں محمد نواز شریف صاحب سے معافی مانگیں گے جن کی آپ نے حق تلفی کی۔ مجھے بتائیں کہ کب۔ یہ اتنے زیادہ تضادات ہیں، کوئی ایک تو ہے نہیں جس پر پوری ایک لمبی چوڑی بات چیت ہو سکتی ہے۔

جناب چیئرمین! پھر مجھے ایک اور چیز پر افسوس ہوا اور میں PTI کے workers کو خراج تحسین پیش کرنا چاہتا ہوں کہ وہ وہاں پر پہنچے۔ لیکن آپ مجھے یہ بتائیں کہ کیا آپ نے وہ video نہیں دیکھی جس میں گنڈا پور اور بشریٰ بی بی صاحبہ ایک گاڑی میں بیٹھ کر جا رہے ہیں اور کارکن گاڑی کے آگے لیٹ رہے ہیں کہ رک جاؤ۔ کارکن آپ کی گاڑی پر پتھر مار رہے ہیں کہ رک جاؤ لیکن آپ لوگ نہیں رکے۔ آپ ان بے چارے بچوں کو، ان نہتے اور غریب بچوں کو میدان میں اکیلا چھوڑ کر چلے گئے۔ جب لڑنے کا time تھا تو آپ وہاں پر کھڑے ہوتے۔ آپ نے ان کو وہاں پر اکیلا چھوڑا اور مجھے بتائیں کہ آپ کہتے ہیں کہ گولیاں چلیں، ٹھیک ہے آپ کہتے ہیں کہ گولیاں چلیں۔ مجھے بتا دیں کہ آپ کے کتنے MNAs, کتنے MPAs, کتنے Senators, کتنے وزرا اور کتنے لوگوں کو گولیاں لگیں۔ اس دن آپ سب وہیں تھے نا۔ آپ سب وہیں تھے، آپ کو اتنی تکلیف ہے۔ مجھے یقین ہے کے آپ سب وہیں موجود ہوں گے لیکن افسوس کا مقام یہ ہے کہ آپ غریب لوگوں کے خون کو بیچ رہے ہیں۔ جناب

پریذائیڈنگ آفیسر صاحب! میں خود ایک سیاسی worker ہوں اور مجھے اس بات پر بڑا فخر ہے۔ مجھے ان بے چارے بچوں پر بہت تکلیف ہوئی جس طرح ان پر گولیاں چلیں۔

چونکہ وقت کم ہے تو میں اپنی بات ختم کرنے طرف آرہا ہوں کہ ابھی بات ہوئی کہ مذاکرات ہونے چاہیں۔ بہت اچھی بات ہے۔ ہم سیاسی لوگ ہیں۔ مذاکرات ہوں گے تو معاملات حل ہوں گے لیکن آپ مجھے بتائیں کہ کیا مذاکرات اس بات پر ہونے چاہیں کہ عمران خان صاحب باہر کیسے آئیں گے۔ کیا مذاکرات اس پر ہونے چاہیں کہ وہ وزیر اعظم کیسے بنیں گے۔ کیا پاکستان کے یہ مسائل ہیں؟ جناب چیئرمین! مذاکرات اس بات پر ہونے چاہیں کہ charter of democracy کو study کیا جائے۔ اس پر آپ لوگ signatory ہوں۔ آپ اگر واقعی چاہتے ہیں کہ اس ملک میں جمہوریت آگے بڑھے تو وہی ایک document ہے۔ آپ اس document کو study کریں، ہم سے اُس پر بات کریں اور ایک long-term solution کی طرف جائیں۔ یہ کیا solution ہے کہ اُس کو نکال دو، اُس کو ڈال دو، میں establishment سے بات کروں گا تو مجھے وزیر اعظم بنادو۔ کیا آپ اس ملک کی فلاح و بہبود کے لیے یہ کام کر رہے ہیں۔

تو جناب چیئرمین، میں یہ سمجھتا ہوں کہ بالکل مذاکرات ہونے چاہیں اور یہ ایک اچھی چیز ہے۔ اللہ تعالیٰ اس میں بہتری ڈالیں اور breakthrough ہو۔ میری PTI کے بھائیوں کو یہ suggestion ہے کہ وہ COD کو دیکھیں اور اس سے معاملے کو آگے لے کر چلیں۔ شکریہ۔

Mr. Presiding Office: Thank you, Thank you so much. I have a long list from both sides.

دونوں طرف کے ہمارے دوست بولنا چاہتے ہیں اس لیے میں سمجھتا ہوں کہ اسے کل بھی جاری رہنا چاہیے۔ میرے دوست عون عباس صاحب بھی بولنا چاہیں گے لیکن میرا خیال ہے کہ کل جب House بھرا ہوا ہو تو اُس وقت آپ کلام فرمائیں۔ ٹھیک ہے جی۔

سینیٹر عون عباس: جناب، کل پہلی speech میری ہو گی؟

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: میں اگر بیٹھا ہوا تو پھر تو میں۔۔۔

سینیٹر عون عباس: جناب مسئلہ یہ ہے کہ اگر کل آپ نہ ہوئے اور کوئی نئے صاحب ہوئے تو پھر میری باری نہیں آئے گی۔

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر:** یہ staff سن رہا ہے۔ بالکل ان شاء اللہ آپ کا priority پر ہو گا۔

The House stands adjourned to meet again on Friday, the 13th December, 2024 at 10:30 am.

-------------------

*[The House was then adjourned to meet again on Friday, the 13th December, 2024 at 10:30 a.m.]*

-------------------